عملیات و تعویذات کی سردار کتاب

اسماء الحسنیٰ جل جلالہ

سے دنیاوی مصائب و مشکلات کا سو فیصدی حل

ہ	ل	ل	ا
ل	ل	ا	ہ
ا	ل	ہ	ل
ہ	ل	ل	ا

سید علی حسین شاہ

اسماء الحسنیٰ

سے دنیاوی مصائب و مشکلات کا سو فیصدی حل

ASMAULHUSNA

السید علی حسین شاہ

حیدر پبلی کیشنز

کتاب کی حفاظت کریں اور
اس سے راهنمائی حاصل کریں
اچھی کتاب بہترین ساتھی

ادارہ نے ناصر باقر پرنٹنگ پریس، لاہور سے چھپوا کر شائع کی

نام کتاب	اسماء الحسنٰی سے دنیاوی مصائب ومشکلات کا حل
مرتبہ	السید علی حسین شاہ
پروف ریڈنگ	میثم اشفاق
کمپوزنگ	عاصم کمپوزنگ سنٹر، لاہور

فہرست

(55)	الواسع	(83)	الاول
(56)	الحکیم	(84)	الاخر
(57)	الودود	(85)	الظاہر
(58)	المجید	(86)	الباطن
(59)	الباعث	(87)	الوالی
(60)	الشہید	(88)	المتعالی
(61)	الحق	(89)	البر
(62)	الوکیل	(90)	التواب
(63)	القوی	(91)	المنتقم
(64)	المتین	(92)	العفو
(65)	الولی	(93)	الرؤف
(66)	الحمید	(94)	مالک الملک
(67)	المحصی	(95)	ذوالجلال والاکرام
(68)	المبدی	(96)	المقسط
(69)	المعید	(97)	الجامع
(70)	المحی	(98)	الغنی
(71)	الممیت	(99)	المغنی
(72)	الحی	(100)	المانع
(73)	القیوم	(101)	الضار
(74)	الواجد	(102)	النافع
(75)	الماجد	(103)	النور
(76)	الواحد	(104)	الھادی
(77)	الاحد	(105)	البدیع
(78)	الصمد	(106)	الباقی
(79)	القادر	(107)	الوارث
(80)	المقتدر	(108)	الرشید
(81)	المقدم	(109)	الصبور
(82)	الموخر		

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

یہ کتاب اسماء الحسنیٰ کے موضوع پر لکھی گئی اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے جس میں تمام کے تمام نسخہ جات بالکل ٹھیک اور درست ہیں کوئی بھی مرد وخواتین اپنے مقصد کے لحاظ سے کامل محنت کرتے ہوئے دنیاوی مقاصد میں اللہ کے نام کو ورد کر کے کامیاب ہوسکتا ہے اگر نسخہ درست ہو لیکن بہت افسوس سے یہ بھی لکھنا پڑ رہا ہے کہ نقل مار کر جلد از جلد کتاب چھاپنا اور کسی مصنف کی محنت کو بیکار کر دینا یہ بھی گناہ ہے اس لئے میری ہر کتاب میں جو مواد موجود ہوتا ہے وہ کسی بھی تعریف کا محتاج نہیں اس لئے کہ جس کا کام اسی کو ساجھے لیکن زیادہ سے زیادہ روپے کمانے کا لالچ تبھی پورا ہوتا ہے جب سب کچھ تباہ و برباد ہو چکا ہوتا ہے لیکن اس بات کو کوئی بھی نہیں سمجھتا اور کتاب کو سستا کہہ کر اس کو خرید کر پڑھ کر جو بھی اعمال کرتے ہیں وہ ناکامیاب ہونے کی صورت میں سبھی اعمال کو فضول و بیکار کہہ کر اس موضوع کو ہی بند کر دیتے ہیں۔ لیکن میری کتاب میں جو بھی نسخہ جات لکھے ہیں وہ بالکل درست ہیں ان کی کئی مرتبہ آزمائش کی جا چکی ہے اور ہر مرتبہ فائدہ ہی ہوا ہے۔ اس لئے کامل پرہیزگاری کے ساتھ اور جائز کاموں میں اللہ کے ناموں سے مدد لیجئے ثواب و نیکیاں [illegible] کے علاوہ کام بھی اپنا ہی ہوگا۔ [illegible] اپنے ان پاک ناموں کے بارے میں کچھ بھی [illegible] سکتا ہے۔

السید علی حسین شاہ سجادہ نشین

حضرت پیر السید محمد شاہ

موضوع کتاب

اسماء الحسنٰی کے فوائد وفضائل اتنے زیادہ ہیں کہ ان کا احاطہ کرنا مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہے لیکن میں نے جس موضوع کو شروع کیا ہے اس کا تعلق مختلف دنیاوی کاموں میں رکاوٹوں کو دور کرنا اور اللہ کی رحمت کا مستحق بننے کے ساتھ کامیابی کے ساتھ ہے جس کو کوئی بھی ورد کرکے اللہ کے ہاں متجاب بنے اور اللہ اس انداز کو دیکھتے ہوئے دنیاوی کسی بھی میدان میں اس فرد کو ہارنے نہ دے یہ ایسی کتاب ہے جو ہر طرح سے مکمل ہے مثلاً اللہ کے نام مبارک کا مطلب، انگریزی کے صحیح سپیلنگ، مزاج، عنصر، حروف ابجد اور علم جفر کے قاعدے کے مطابق مکمل صحت کے ساتھ اسماء الحسنٰی کے نقوش درج ہیں۔ اتنا کچھ آج سے پہلی کتابوں میں کسی بھی فرد کو نہیں ملے گا اور اس کی تیاری میں محنت اس بات کا سب سے بڑا ثبوت ہے کہ یہ کتاب بھی کسی نقل یا تعریف کی محتاج نہیں ہے۔ ہمیشہ کی طرح آج سے پہلی کتابوں کی طرح یہ کتاب بھی اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے۔ کتاب میں جہاں اسماء الحسنٰی کے نقوش کا سوال ہے تو ان کا استعمال کرنا اور ان سے دینی و دنیاوی معاملات میں کام لینا کوئی گناہ نہیں ہے کیونکہ ان نقوش کا تعلق سراسر علم الجفر سے ہے اور اسماء الحسنٰی کو علیحدہ علیحدہ حروف تہجی کی تکسیر میں مکمل صحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے جو پڑھنے اور لکھنے میں اللہ کا ویسے ہی نام مبارک بنے گا جیسا ہے اس لئے ان مبارک نقوش کو استعمال کرنے میں کسی بھی قسم کا کوئی شرک پیدا ہونے کا جواز ہی پیدا نہیں ہوتا اس لئے اپنے دنیاوی جائز کاموں میں اللہ کے نام مبارک اور ان ناموں کے بنائے گئے کامل نقوش سے کوئی بھی کام لے سکتا ہے کیونکہ ان کے استعمال میں کسی بھی قسم کا کوئی گناہ نہیں ہوگا کیونکہ جو نام مبارک ہے وہی نقش کے اندر لکھا گیا ہے۔

غور طلب ہدایت

اسماء الحسنٰی کو ورد کرکے اپنے کسی بھی مقصد میں کامیاب ہونے کیلئے کچھ ادب وآداب ہیں اور کچھ اصول ہیں کیونکہ ان کا تعلق عملیات سے ہے اس لئے یہاں لکھی گئی ہدایات کو بغور مطالعہ کیجئے اور اپنے مقصد میں کامیاب ہوں اسماء الحسنٰی کو پاک وباوضو حالت میں جیسا کام کے متعلق لکھا ہوا ایسے ہی ورد کیا جائے اور اگر پرہیز جلالی و جمالی کا بتایا جائے تو یہاں کامل طریقہ کار سے پرہیز لازمی ہوگی کیونکہ دنیا میں مختلف قسم کے انسانوں کے مختلف مزاج کی طرح اسماء الٰہی کے بھی خواص اور مزاج آپس میں علیحدہ ہیں اور جس طرح کا مقصد ہو اس کے مطابق اس کو ورد کیا جاتا ہے۔ نماز فجر، ظہر، اور عصر کی نماز پڑھنے سے پہلے یا بعد میں اسماء الٰہی کو (ال) کے ساتھ پڑھنا چاہئے جیسے الرحمٰن، الرحیم، الرقیب، الوکیل وغیرہ اور نماز مغرب وعشاء کے بعد یا پہلے اسماء الٰہی کو (یا) کے ساتھ پڑھنا چاہئے جیسے یارحمٰن، یارحیم، یارقیب، یاوکیل وغیرہ اس قاعدے کو خوب اچھی طرح سے سمجھئے اور اس پر عمل کرکے واضح فرق کو خود دیکھ لیجئے کہ اس قاعدے پر عمل کرنے سے کیا اور کتنی جلدی حاصل ہوتا ہے۔ نقش کے آگے لکھا ہو یا نہ لکھا ہو سوائے بغض والے اعمال میں نقش کو زعفران سے لکھا جائے اور اسے موقع کی مناسبت سے جیسا لکھا ہوا استعمال کیا جائے اور گلے میں پہننے والے نقش کو خوشبو سے معطر ضرور کیا جائے اور کاغذ پر لکھ کر پینے والے نقش کے کاغذ کو نگل لیا جائے اور نیا نقش موقع کی مناسبت سے لکھ کر استعمال کیا جائے اللہ کے حکم سے ان قوائد پر جو کوئی بھی عمل کریگا وہ ہر حال میں سو فیصدی کامیاب ضرور ہوگا اور اللہ رب العزت اپنے ان پاک ناموں کی بدولت وہ کام بھی ضرور کریگا جو ناممکن ہوں۔ انشاء اللہ

اللہ

(اسم اعظم ذات) حروف ابجد (66) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

ALLAH.No Word Of The World Can Surround Of Describe The Real Meaning Of This Name.ALLAH

اس اسم کے خواص بے شمار ہیں یہ اللہ کا اپنا ذاتی نام ہے اور یہی وہ نام مبارک ہے جس سے اولیاء اللہ نے اس ذات تک رسائی حاصل کی اور اسی کی بدولت لاکھوں غیر مسلم افراد کو مسلمان بنایا اگر کوئی اللہ کا نیک، پرہیزگار و متقی انسان بننا چاہے تو اسی اسم مبارک کو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد ایک ہزار کی تعداد میں پڑھے اور اس کا کسی سے بھی ذکر نہ کرے غیب سے انوار الٰہی و تجلیات کے آثار نمودار ہونگے اور اللہ کے نزدیک سے نزدیک ہوتا چلا جائیگا انشاء اللہ دنیاوی مصیبتوں و غموں کو اپنے آپ سے دور اور اللہ کی رحمت برسوانے کیلئے اسی اسم مبارک کو روزانہ بعد نماز عشاء مصلے پر بیٹھ کر پانچ ہزار کی تعداد میں پڑھے اور اللہ سے اپنی حاجت طلب کرلے اللہ تمام مصیبتوں و دکھوں کو دور فرمائیگا اور ایسا سکون بخش دیگا جو اس دنیا میں نہیں ملتا مرض نسیان کا خاتمہ کرنے کیلئے اس نقش مبارک کو کالی سیاہی سے مٹی کے پیالے کے اندر لکھے اور اسے گلاب کے عرق سے دن کے تین حصوں میں پئے جو کچھ بھی پڑھے گا یا یاد کریگا وہ نہیں بھولے گا حافظہ تیز ہوگا اور ذہنی نشو نما تیز ہوگی۔ اس اسم کو پڑھنے سے اللہ تعالٰی کی عبادت کرنے کو دل کرتا ہے اور برے کاموں سے نفرت ہوتی ہے۔

ه	ل	ل	ا
ل	ل	ا	ه
ا	ل	ه	ل
ه	ل	ل	ا

الرحمٰن

(بے پایاں رحم والا) حروف ابجد (298) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AR-RAHMAN'O.The Most Compassionate

جو شخص روزانہ اسم یا رحمٰن کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے گا وہ دنیاوی بلاؤں سے محفوظ ہوگا اگر اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر کسی دشمن یا بد خلق کے گھر میں رکھے ہوئے پودے میں دفن کردیا جائے تو اس میں حیاء شرافت اور نرمی پیدا ہو جائیگی اگر کسی کو رشتہ نہ ملتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنی کمر میں باندھے تو اس کی برکت سے اس کی شادی اچھی جگہ طے پائے گی۔ لیکن اس کی بے ادبی کسی بھی صورت میں نہ کرے اور پلیدی والی حالت میں اس نقش کو اپنے آپ سے علیحدہ رکھے دل کو کفر و ظلمت کے اندھیرے سے نکالنے اور اپنے دل کو نور سے منور کرنے کیلئے روزانہ اس اسم مبارک کو کسی مخصوص وقت میں تین ہزار کی تعداد میں پڑھے اور پانی پر دم کرکے پئے پھر اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے اپنے دل کے مقام پر باندھے تا حیات اس عمل کو قائم رکھے اللہ تعالٰی دل کو نور سے بھر دے گا جو بچے پڑھائی یا کام سے بھاگتے ہوں یا ان کا دل نہ لگتا ہو تو ہر فرض نماز کے اس اسم مبارک کو حروف ابجد کی تعداد میں تازہ پانی پر دم کرکے ان کو پلائے اور ایک نقش کو اس بچے کا نام مع والدہ لکھ کر اس کے گلے میں باندھے۔ اس نقش کو کسی بھی نیک مقصد کا تصور باندھ کر زعفران سے لکھے اور گلے میں باندھے تو جس مقصد کیلئے نقش کو لکھا جائیگا وہ ضرور پورا ہوگا۔

ن	م	ح	ر
ح	م	ر	ن
ر	م	ن	ح
ن	م	ح	ر

الرحیم

(بے حد وحساب رحم کرنے والا) حروف ابجد (259) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AR-RAHEEM'O. The All Merciful

تسخیر قلوب کیلئے اس اسم کا اپنے کام کا مکمل تصور باندھ کر ورد کرے نہایت ہی افضل عمل ہے۔ اگر کوئی کسی مصیبت میں گرفتار ہو یا اسے دشمن سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو اس اسم کو اس دشمن کا تصور باندھ کر اور اس کے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اس نقش کو اپنے دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر زعفران سے لکھ کر باندھے دشمن ہر طرح سے صاحب عمل کے حق میں زیر ہوگا اور دشمنی کو ترک کریگا۔ اگر محبوب محبت کا اقرار نہ کرتا ہو تو اس نقش کو میٹھی شے میں ملا کر پلائے اور اگر دو میاں بیوی کا آپس میں سلوک و اتفاق قائم نہ ہوتا ہو تو اس عمل کو اسی طرح کرے ہر کام کا انجام بخیر ہونے کیلئے اس اسم کو کھلا ورد کرے قضائے حاجات کیلئے اس اسم کو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد پانچ سو کی تعداد میں پڑھے غیب سے ہر کام کیلئے مدد ہوتی رہیگی اور جیسے ہی اپنے اس عمل کا ذکر کسی سے بھی کریگا تو اس کا سارا اثر زائل ہو جائیگا۔ دلی سکون اور ہر طرح سے برکت حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے۔ اگر کسی کو مناسب رشتہ نہ ملتا ہو یا اس کے دل کی حاجت نہ پوری ہو تو اس اسم کو علیحدہ پاک وصاف جگہ پر باوضو حالت میں (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے اور اپنے کام کا مکمل تصور باندھے اللہ کے فضل سے اس کام کے غیب سے وسائل بنیں گے اور کسی اچھی جگہ رشتہ ضرور طے پا جائیگا۔ اور دل کی خواہش پوری ہوگی۔

م	ی	ح	ر
ح	ی	ر	م
ر	ی	م	ح
م	ی	ح	ر

الملک

(حاکم کائنات) حروف ابجد (90) (مزاج مشترک، عنصر خاکی)

AL-MALIK'O. The Alone Sovereign Lord

اگر کوئی اس اسم مبارک کو روزانہ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کی دنیاوی ہر کام میں غیب سے امداد ہوتی رہیگی۔ اور اس نقش کو کسی بھی مقصد کی خاطر زعفران سے لکھ کر اپنے استعمال میں لائے تو اسے کسی بھی کام میں ناکامی نہ ہوگی اور جس کام میں ہاتھ ڈالے گا اس میں فائدہ ہی ہوگا۔ اگر کسی بے دین فرد نے جائیداد پر اپنا ناجائز قبضہ جمالیا ہو تو اس اسم کو اس فرد کا تصور باندھ کر پڑھے اور اس نقش کو اس فرد کا نام لکھ کر اسے پلائے یا اسے اپنے الٹے بازو پر باندھے اللہ اس شخص کا دل نرم کریگا اور اس کا حق اسے اللہ ضرور دلوائیگا۔ ناممکن سے ناممکن کام کو ممکن بنانے اور ہر مصیبت سے مکمل نجات کیلئے اس اسم کو مبارک کو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد آٹھ ہزار کی تعداد میں پڑھے اور اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کرے اللہ کے حکم سے کوئی بھی ایسا ناممکن کام نہیں ہوگا جو اس اسم کی بدولت ممکن نہ ہوتا ہو۔ بیروزگاری سے نجات اور کام پر لگنے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اس پر حروف ابجد کی تعداد میں اسی اسم کو پڑھ کر دم کرے اور اسے اپنے گلے میں باندھ لے غیب سے نوکری کے وسائل پیدا ہونگے۔ اگر کوئی کسی سخت قسم کی مصیبت میں پھنس گیا ہو تو اس اسم کو روزانہ چالیس دنوں تک (۱۵۴۸) مرتبہ پڑھے سونے سے پہلے پڑھے۔

ک	ل	م
ل	م	ک
م	ک	ل
ک	ل	م

القدوس

(پاک) حروف ابجد (170) (مزاج جمالی، عنصر آبی)

AL-QUDDUS'O.The Holy and Free from all Blemishes

اگر کسی فرد پر شیطان نے غلبہ کرلیا ہو اور اس کا جی عبادت میں نہ لگے تو وہ اس اسم کو روزانہ رات کو سونے سے پہلے حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر پانی پر دم کرے اور تھوڑا سا پانی اپنے سینے پر ملنے کے بعد باقی پانی کو پی لیا کرے بعد اس عمل کے اسی اسم کو کھلا پڑھے اور اس نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے شیطان اس فرد کی جان چھوڑ دیگا۔ اگر کسی کا کاروبار بند ہو گیا ہو تو وہ اس اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے اور اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور ایک کو اپنے کاروباری مقام پر شیشے میں محفوظ کروا کر لگائے اور اس بات کا ضرور خیال رکھے کہ اس پر مٹی نہ لگے ہفتہ میں تین مرتبہ اس نقش کی صفائی کی جائے ملکوتی صفات پیدا کرنے کیلئے روزانہ روٹی کھانے سے پہلے روٹی پر اس نقش کو لکھ کر کھائے اس سے رزق میں زیادہ اضافہ ہوگا اور اللہ ملکوتی صفت پیدا کرے گا۔ دشمن افراد کے خوف سے نجات اور ان پر فتح حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو ہر وقت دشمن کا تصور باندھ کر ورد کرے۔ اگر کوئی قید میں پھنس گیا ہو تو اس اسم کا ورد کرے اس کی بدولت وہ ناجائز ہونے کی صورت میں قید سے رہا ہوگا۔

ق	د	و	س
س	ق	و	د
د	س	و	ق
ق	د	و	س

السلام

(سلامتی کا سرچشمہ) حروف ابجد (131) (مزاج جمالی، عنصر بادی)

AL-SALAAM'O.The Substantive Giver of Peace and Saver from all Distress

جو شخص بعد نماز فجر اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا اسے اللہ کی طرف سے ایسا علم عطا ہوگا کہ روحانیت میں بلند مقام بن جایگا اگر دو خاندان آپس میں لڑائی جھگڑے میں مبتلا ہوں اور ان کی کسی بھی طرح اصلاح نہ ہوتی ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر کسی میٹھی شے میں ملا کر پلائے اور اس اسم کو روزانہ کسی کھانے پینے والی شے میں دم کر کے کھلائے اللہ کے حکم سے ان کی آپس میں رنجش ختم ہوگی اور یہ صلح کرنے پر آمادہ ہونگے۔ کردار قبیحہ سے محفوظ رہنے کیلئے اس نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر ایک کو کسی ترش شے میں ملا کر پئے اور دوسرے کو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ نے چاہا تو شیطانی حرکات ترک ہونگی اور دل اچھے کاموں کی طرف راغب ہوگا۔ ہر طرح سے شفاء حاصل کرنے کیلئے مریض کے سرہانے بیٹھ کر تسبیح پر اسی اسم کو ایک تسبیح پڑھ کر مریض کے سر کے ساتھ مس کیا جائے اور اسے مریض کے سرہانے رکھ دیا جائے اس عمل کو دن میں تین مرتبہ اور سات دن اس عمل کو کیا جائے آٹھویں روز اس نقش کو مریض کا نام مع والدہ لکھ کر اس کے گلے میں پہنائے۔ اس اسم کو جو کوئی بھی دولت عزت اور غلبہ حاصل کرنے کیلئے ورد کریگا۔ تو اسے ان مقاصد میں ضرور کامیابی حاصل ہوگی

س	ل	ا	م
م	س	ا	ل
ل	م	ا	س
س	ل	ا	م

المومن

(اے یقین وسکون بخشنے والے (اللہ) حروف ابجد (136) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-MOMIN'O.The Giver of Peace and Tranquility

ہر طرح کی رکاوٹوں کو دور کرنے اور فتح ونصرت حاصل کرنے کیلئے جو کوئی بھی اس کا بکثرت ورد کرے تو اللہ کے حکم سے اس کے راستے میں کوئی بھی رکاوٹ نہیں آئیگی۔ اگر اس نقش کو اپنے کسی بھی نیک مقصد میں زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ کے حکم سے اس کا ناممکن کام بھی ممکن ہوگا۔ اگر کسی کو بخار ہو تو وہ اس نقش کو سفید کپڑے پر زعفران سے لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور دوسرے کو کپڑے پر ہی لکھ کر اسے پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے اپنے اندر مومن جیسی صفت پیدا کرنے اور شیطان سے اپنی جان چھڑوانے کیلئے اس اسم کو روزانہ حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر اپنے دل کے مقام پر دم کیا کرے اور اس نقش کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے دل کے مقام پر باندھے شہوت نفسانی پر غلبہ اور نفس امارہ کے شکنجے سے نکلنے کیلئے اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد ایک ہزار کی تعداد میں ورد کرے اور اس دوران اپنی آنکھوں کو بند رکھے مراقبہ کی حالت میں اس اسم کو ایسے ہی ورد کرے اور اسے سادے پانی پر دم کرکے پئے۔ اور اس کا دوسرے افراد پر غلبہ ہوگا۔ جس کسی کے سامنے جو کچھ بولے گا وہ غور سے سنے گا اور ضرورت پوری کردیگا۔ لیکن اس عمل کو ہمیشہ جائز جگہ استعمال کرے۔

ن	م	و	م
و	م	م	ن
م	م	ن	و
ن	م	و	م

المھیمن

(حفاظت کرنے والا) حروف ابجد (145) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-MOHAYMIN'O.He Who Wathes over everyone,every moment

جو کوئی بھی پریشانی اور انجانے خوف میں مبتلا ہو وہ اس اسم مبارک کا حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے تازے پانی پر دم کرکے پئے ہر قسم کی پریشانی سے نجات ہوگی اور کوئی بھی ڈر یا خوف پیدا نہیں ہوگا۔ روزی میں برکت کیلئے اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھ کر ایک اپنے گلے میں باندھے اور ایک کو دکان یا کاروباری مقام پر شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر لگائے دکان وکاروبار کی فراخی ہوگی اور گاہک کثرت سے آئیں گے۔ لوگوں کے دلوں میں اپنا مرتبہ ومقام بلند رکھنے کیلئے اس اسم کو پڑھتا رہے اور اس کا نقش باوضو حالت میں لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔ ہر قسم کی تسخیرات کیلئے اس اسم کو غسل کرکے مصلے پر بیٹھ کر حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کرکے منہ پر پھیر لیا کرے تمام مخلوق مسخر ہوگی۔ دشمنوں کے دلوں پر حکومت کرنے کیلئے اسی اسم کو کھلا ورد کرے۔ حسد بغض کینہ لالچ نفس پرستی خودغرضی غصہ بخل تکبر اور اس سے مناسبت رکھنی والی تمام عادات کو ترک کرنے اور اللہ کی خاص مدد حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو روزانہ بعد نماز فجر (۴۵۶۷) مرتبہ ورد کرے۔

ن	م	ی	ھ	م
ی	ھ	م	م	ن
م	م	ھ	ن	ی
ھ	ن	م	ی	م
م	ی	ن	م	ھ
ن	م	ی	ھ	م

العزیز

(بڑے اقتدار والا) حروف ابجد (94) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-AZEEZ'O.The Unconquerable,The Mighty

غربت وافلاس کو دور کرنے کیلئے ہر فرض نماز کے بعد حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اللہ سے اپنے مقصد کی گڑگڑا کر دعا مانگے اللہ نے چاہا تو حالات بدل جائیں گے۔ اگر کسی حاکم کے دل میں اپنا مقام پیدا کرنا ہو یا کسی افسر سے جائز مطالبہ پورا کروانا ہو تو اس نقش کو بعد نماز عصر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور دل میں اسی اسم کا ورد کرتا ہوا اس افسر کے روبرو جائے اللہ کے حکم سے افسر اس جائز کام کو ضرور کریگا اور کسی بھی صورت انکار نہیں کر سکے گا۔ اگر حب میں زیادتی پیدا کرنی ہو تو اس نقش کو طلوع آفتاب کے وقت زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھے اور نیچے نام محبوب مع والدہ لکھ کر اسے کسی میٹھی شے میں ملا کر کھلائے اس عمل کو سات دنوں تک مسلسل کیا جائے اس عمل کی بدولت محبوب جائز محبت میں ضرور تعاون کریگا اور اگر میاں بیوی آپس میں زیادتی محبت کیلئے اسی عمل کو ایسے ہی کریں اور دونوں میں سے کوئی بھی دن یا رات کے کسی بھی وقت باوضو حالت میں اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر سینے پر دم کیا کریں۔ بڑا زبردست اسم الٰہی ہے۔ اسی اسم مبارک کی بدولت رزق ودولت کے غیب سے وسائل بنتے ہیں۔

ع	ز	ی	ز
ز	ع	ی	ز
ز	ز	ی	ع
ع	ز	ی	ز

الجبار

(زبردست غلبہ رکھنے والا) حروف ابجد (206) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-JABBAAR'O.The Forceful Compeller

اس کا نقش باوضو حالت میں لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے انسان بری خواہشات سے محفوظ رہتا ہے چشم خلائق میں مقبول ومحترم ہوتا ہے تمام افراد اس کی ہی تعریف کرتے ہیں اگر کوئی روزانہ اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے تو اس کے دشمن سرنگوں ہونگے اور حاسدوں کا خاتمہ ہوگا جو کوئی بھی اس اسم کے پڑھنے والے پر کوئی بھی بدعمل کروائیگا وہ خود اس عمل کی لپیٹ میں آئیگا اگر کسی دشمن نے بدعمل کے ذریعے رزق بند کروایا ہو اور کسی بھی طریقے سے فراخی نہ ہوتی ہو اس میں کشادگی کیلئے ہر فرض نماز کے بعد اس اسم مبارک کو حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے دشمنوں کا منہ کالا ہوگا اور فراوانی رزق کی ہوگی انشاءاللہ بچوں وبڑوں کی ناجائز ضد کے خاتمے اور ان کی اصلاح کامل کیلئے اس نقش کو بروز منگل بعد نماز ظہر لکھے اور اسے پانی میں گھول کر پلائے اصلاح کامل کے ساتھ اپنی ناجائز خواہشات اور ضد کا دامن چھوڑ دیں گے۔ دشمنوں پر ہر طرح سے فتح حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو عقیق کے نگ کے نیچے رکھوا کر اسے اپنی سیدھی انگلی میں پہنے دشمن وحاسد افراد سرنگوں رہیں گے اس انگوٹھی کی کسی بھی صورت میں بے ادبی نہ کرے اور جب اسے پہنے تو باوضو ضرور ہو۔

ج	ب	ا	ر
ر	ج	ا	ب
ب	ر	ا	ج
ج	ب	ا	ر

المتکبر

(عظمت و کبریائی کا سرچشمہ) حروف ابجد (662) (مزاج جلالی، عنصر خاکی)

AL-MUTAKABBIR'O.The Highest Majestic.He Who Bears Beauty and Majesty in His Attitude

اگر کوئی اس اسم کا ذکر ہر فرض نماز کے بعد حروف ابجد کی تعداد میں کرے تو ہر آفت سے محفوظ رہیگا جو کوئی بھی اس اسم مبارک کو (۴۱) مرتبہ کسی چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر نفسانی خواہشات والے مریض کو پلائے تو اس کا مرض کافور ہو اس کے نقش کو زعفران سے لکھ کر چاندی کی انگشتری کے نیچے رکھوا کر بند کر کے اپنے سیدھے ہاتھ میں پہنے اللہ تعالیٰ غیب سے رزق کی فراخی کے وسائل پیدا کریگا۔ افسران و حکماء کو اپنے حق میں زیر اور ان سے اپنے جائز مطالبات منوانے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اسے چاندی میں بند کروا کر اپنے گلے یا سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے افسران و حکماء جائز خواہشات ضرور پوری کر دیا کریں گے۔ دشمنوں کو اپنے حق میں زیر کرنے کیلئے اس نقش کے نیچے دشمنوں کے نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے الٹے بازو پر باندھے دشمن ہمیشہ صاحب عمل کے حق میں رہینگے۔

م	ت	ک	ب	ر
ر	م	ب	ت	ک
ک	ر	ت	م	ب
ب	ک	م	ر	ت
ت	ب	ر	ک	م
م	ت	ک	ب	ر

الخالق

(وجود بخشنے والا) حروف ابجد (731) (مزاج جلالی، عنصر خاکی)

AL-KHALIQ'O.The Creator.He Who Creates everything with the knowledge of what will happen to them from beginning to end

تمام جائز حاجات جلد پوری ہونے یا کسی کے توسل سے پوری کروانے کیلئے اس اسم کو اس کا کامل تصور باندھ کر حروف ابجد کی تعداد میں بعد نماز عشاء پڑھے اور تین دنوں کے بعد اس نقش کو اس کا نام لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے غیب سے حاجات پوری ہونگی اور اگر کسی فرد سے کوئی کام ہوگا تو وہ کسی بھی صورت انکار نہیں کر سکے گا۔ انشاء اللہ لوگوں میں عزت و مرتبہ حاصل کرنے اور ہر کسی کا محبوب نظر بننے کیلئے اس نقش کو نوچندی اتوار والے دن سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھے اور اسے چاندی میں لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور اس اسم کا کھلا ورد کرے اللہ کے حکم سے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ اس شخص کی عزت کریگا اور اس کا دوسرے افراد میں واضح مرتبہ اللہ اونچا فرمائیگا۔ بیمار کو ہر طرح سے شفاء یاب بنانے کیلئے اس نقش کو تین دنوں تک پلائے اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہو رہی ہو تو اس اسم کو روزانہ بعد نماز عصر اپنے نام کے حروف ابجد اور اس اسم کے حروف ابجد کو ملا کر پانی پر دم کر کے پیئے اور نقش گلے میں باندھے۔ اگر کوئی جسمانی یا روحانی تکلیف میں مبتلا ہو تو اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیئے۔

خ	ا	ل	ق
و	خ	ل	ا
ا	و	ل	خ
خ	ا	ل	و

البارى

(ہر چیز کو پیدا و نشونما کرنے والا) حروف ابجد (213) (مزاج مشترک، عنصر آتشی)

AL-BAARI'O.The Creator and The Nourisher.He Who Creates and Nourishes gradually

دینی و دنیاوی کاموں میں بلند مرتبہ اور عزت و شہرت حاصل کرنے کیلئے اس اسم مبارک کو ہر نماز کے بعد حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول و محبوب ہونے کیلئے کثرت سے اس اسم کو پاک و باوضو حالت میں پڑھے اللہ اس کے ذاکر کا شمار اپنے محبوب بندوں میں ضرور کریگا اور خلق خدا اس شخص سے زیادہ سے زیادہ محبت سے پیش آئیگی انشاء اللہ۔ اگر کسی ظالم حاکم سے کوئی بھی کام ہو اور انکاری کی صورت بن جائے تو اس اسم کو ورد کرتا ہوا اس کے پاس جائے اور اس نقش کو اس کا نام مع والدہ لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔ اللہ اس فرد کا دل موم کریگا اور جو کوئی بھی ہوگا وہ اس کو ضرور پورا کرنے کی کوشش کریگا۔ اگر کوئی لکھائی کرتا ہو لیکن اس میں صفائی نہ ہو تو اس نقش کو بروز نوچندی جمعرات زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اس کی لکھائی میں صفائی پیدا ہوگی۔ جگر درد کیلئے اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے جگر کے مقام پر اپنے کسی پہنے ہوئے صاف کپڑے میں لپیٹ کر پہنے جگر درست کام کریگا۔ اگر کسی عورت کا خاوند بد اخلاق ہو اور بات بات پر بدزبانی اور بدسلوکی کرتا ہو تو وہ خاتون روزانہ عشاء کی نماز کے بعد اس اسم کو (۵۰۰۰) مرتبہ پڑھے اور اس پر اکیس دنوں تک کاربند رہے۔

ب	ا	ر	ی
ی	ب	ر	ا
ا	ی	ر	ب
ب	ا	ر	ی

المصور

(مخلوقات کی صورت گری کرنے والا) حروف ابجد (336) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-MUSAWWIR'O.Who Confers Forms,Colour and Feature

اس اسم مبارک کا نقش اپنے پاس رکھنے سے عزت و شہرت میں اضافہ ہوتا ہے جہاں بھی جائے عزت اور احترام کی نگاہوں سے دیکھا جائے اگر کوئی مفلس شخص ہر نماز کے بعد کثرت سے پڑھے تو غنی ہوگا کسی کا محتاج نہ ہو دین و دنیا میں بہتری کیلئے اس اسم مبارک کو بکثرت پڑھنا فائدہ مند ہے اس کا نقش ہر حاجت کیلئے لاجواب ہے۔ دشمنوں کی زبان بند کرنے کیلئے دو عدد اس نقش کو کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے ایک کو اپنے دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور دوسرے کو کسی میٹھی شے میں گھول کر پلائے زبان بد چلانی تو دور کی بات ہے بدزبانی کرنے والا صاحب عمل کے حق میں زیر ہوگا۔ فتح و نصرت حاصل کرنے کیلئے اور کسی بھی نیک اور جائز کام میں کامیاب ہونے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھا جائے اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہو رہی ہو تو وہ اس نقش کو پانی میں گھول کر پیئے اور ایک کو اپنے الٹے بازو پر باندھے اور ہر فرض نماز کے بعد اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے۔ اگر اس نقش کو بھی زعفران سے لکھ کر خاتون ایک عدد کو اپنے شوہر کا نام لکھ کر اپنے الٹے بازو پر باندھے اور ایک کو پانی میں ڈال کر پلائے تو دوہرا اثر ہوگا۔

م	ص	و	ر
ر	م	و	ص
ص	ر	و	م
م	ص	و	ر

الغفار

(بے انتہا بخشنے والا) حروف ابجد (1281) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-GHAFFAAR'O.The Forgiver of all Sins

اگر کوئی نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے تو دشمنوں کے شر سے محفوظ ہوگا اور اگر اس کے نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے تو اللہ کے حکم سے جو بھی جائز مقصد ہوگا وہ ضرور پورا ہوگا۔ اگر کسی سے کوئی ایسا گناہ سرزد ہو جائے کہ اسے یقین ہو کہ اللہ اسے معاف نہیں کریگا وہ مسجد میں نماز ادا کرے اور اس اسم کو اپنے نام کے حروف ابجد اور اس نام کے حروف ابجد دونوں کو ملا کر ورد کرے اگر کسی ظالم وسفاک کی اصلاح کرنی ہو اور اسے عبرت کروانی ہو تو اس نقش کو شیر کی کھال کے ٹکڑے پر لکھے اور اس کے نیچے اس کا نام مع والدہ لکھ کر اسے روزانہ اپنے سرہانے رکھ کر سوجایا کرے اس عمل کی بدولت اس دشمن کی خواب بندی ہوگی اور وہ سو نہیں سکے گا۔ جب اس کی اصلاح ہو جائے تو اس ٹکڑے کو آٹے میں لپیٹ کر دریا میں بہا دے اور اس نقش کو کاغذ پر زعفران سے اس شخص کا نام مع والدہ لکھ کر اپنے بازو پر باندھے وہ ہمیشہ کیلئے اس کے حق میں رہیگا۔ سخت دلوں کو موم بنانے کیلئے اس کا کھلا ورد کرے۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو روحانی ترقی حاصل کرنے کیلئے بے پناہ ورد کرے تو اس اسم مبارک کی بدولت اللہ اس شخص کو اپنا قرب عطا کریگا اور اس کی روحانی ترقی میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ اسکے علاوہ اس کے بہت سے فوائد ہیں۔

ر	ا	ف	ع
ف	ا	ع	ر
ع	ا	ر	ف
ر	ا	ف	ع

القہار

(جس کا اختیار اور غلبہ ہر کسی پر ہے) حروف ابجد (306) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-QAHHAAR'O.On Who Has Control Over All Things

جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنی ٹوپی یا عمامے میں باندھے تو تمام مخلوق پر اس کی حکومت ہوگی اور تمام مخلوق اس فرد کے حق میں مسخر رہیگی نقش لکھنے کا وقت نوچندی جمعرات بعد سورج طلوع کا ہے اس کی عزت میں ترقی ہوگی اور جو کوئی بھی بکثرت اس اسم کا ورد کریگا اس کی دنیاوی جائز حاجات ضرور پوری ہوں گی۔ اگر کسی شیطان صفت دشمن کا منہ کالا کرنا ہو تو اس اسم کو دشمن کا کامل تصور باندھ کر دشمن کے نام کے حروف ابجد اور اس اسم کے حروف ابجد کی تعداد کے مطابق پڑھے اور بعد پڑھنے کے اس کے منہ کو اپنے سامنے تصور میں لا کر دم کر دیا کرے متعلقہ مقصد میں ضرور بر ضرور کامیاب ہوگا۔ ہیضے کے مرض سے شفاء حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو پاک و باوضو حالت میں گلاب کے عرق کی بوتل کے اندر ڈال دے اور دن کے تین حصوں میں اس عرق کو پیا کرے اور ایک عدد نقش کو اپنے گلے یا بازو پر بھی باندھے ہیضے سے متعلق تمام امراض کا خاتمہ ہوگا۔ مخلوقات کو مسخر کرنے اور ان سے اپنے جائز مطالبات پورے کروانے کیلئے اس نقش کو یاقوت کے نگینے کے نیچے رکھوا کر پہنے۔ اس اسم کا جو کوئی بھی ورد کریگا اس کی عزت و کاروبار میں اضافہ ہوگا اور محتاجی کا خاتمہ ہوگا۔ اس اسم کو بکثرت پڑھنا بہت فائدہ مند ہے۔

ر	ا	ھ	ق
ھ	ا	ق	ر
ق	ا	ر	ھ
ر	ا	ھ	ق

الوھاب

(بے غرض بخشش اور سخاوت کرنے والا) حروف ابجد (14) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-WAHHAAB'O:Who Bestows His Blessings

اگر کوئی عورت بانجھ پن کا شکار ہو تو وہ اس نقش کو پانی میں ڈال کر اس کا روزانہ صبح نہار منہ پانی کیا کرے اللہ کے حکم سے اس کا عارضہ ختم ہوگا۔ اگر کسی خاتون کا حمل ساقط ہوتا ہو تو وہ اس اسم مبارک کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے اور اس کے نقش کو اپنے گلے میں باندھے۔ اگر کسی فرد کا کسی نے رزق بند کر دیا ہو تو وہ اس اسم کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اس نقش کو اپنے کاروباری مقام پر لگائے ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑتی ہوگا ہک زیادہ سے زیادہ آئیں گے اور دکانداری خوب چلے گی۔ انشاء اللہ غیب سے رزق کے فراہم ہونے کیلئے روزانہ بعد نماز عشاء اس اسم کو سات ہزار مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے کسی سے گفتگو کئے بغیر سو جایا کرے اس عمل کو مسلسل چالیس دنوں تک کرے اور بعد میں چاہے تعداد کم کر دے اور اس عمل کا کسی سے ذکر نہ کرے اللہ رب العزت غیب سے رزق کے وسائل پیدا فرمائیگا۔ آدھا و پورا سر درد کے خاتمے کیلئے اس نقش کو زعفران سے سفید کپڑے پر لکھے اور اپنے سر کے مقام پر باندھے۔ اس نقش کو دو عدد لکھ کر ایک کو اپنے کاروباری مقام پر لگائے اور ایک کو اپنا نام لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے تو اس کی برکت سے کوئی بھی رکاوٹ یا بندش نہیں ہوگی۔

ب	ا	ھ	و
ھ	ا	و	ب
و	ا	ب	ھ
ب	ا	ھ	و

الرزاق

(حاجت روا) حروف ابجد (308) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AR-RAZZAAQ'O.The Sustainer and Provider

اگر کوئی خاص مہم میں اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں ہر فرض نماز کے بعد پڑھے تو اس سے مشکل کام آسان ہوتے ہیں اس کا ورد کرنے والے کو اللہ علم کشف کی دولت سے نوازتا ہے اگر کسی کو شیطان بہت تنگ کرتا ہو تو وہ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے دل کے مقام پر باندھے اللہ کے حکم سے شیطان اس فرد کے پاس بھی نہیں آئیگا اگر کسی کا رزق تنگ ہو گیا ہو تو وہ ہر فرض نماز کے بعد حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھ کر ایک کو گلے میں باندھے دوسرے کو دکان پر لگائے۔ تپ ولرزہ مرض کی شدت کم کرنے اور مکمل طور سے شفاء یاب ہونے کیلئے باوضو حالت میں اس نقش کے نیچے نام مریض مع والدہ دو مرتبہ لکھے ایک کو گلے میں باندھے دوسرے کو گلاب کے عرق کے ساتھ دھو کر پیئے۔ اگر کوئی شخص مشکلات و مصائب کا شکار ہو گیا ہو یا اسے کوئی مہم پیش آ گئی ہو تو اس نقش کو ایک ہزار کی تعداد میں کسی بھی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے آٹے میں بند کر کے گولیاں بنائے اور دریا میں مچھلیوں کو ڈالے اور خود اس کا بکثرت ورد کرے۔ اگر کسی شخص کے بے پناہ دشمن افراد ہوں اور وہ ہر وقت نقصان کرنے سے بھی دریغ نہ کرتے ہوں تو اس اسم کو ان افراد کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے۔

ق	ا	ز	ر
ز	ا	ر	ق
ر	ا	ق	ز
ق	ا	ز	ر

الفتاح

(مشکلوں کا حل کرنے والا) حروف ابجد (489) (مزاج جلالی عنصر آتشی)

AL-FATTAAH'O.Who Opens the Solutions to all Problems and Eliminates

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہو رہی ہو تو وہ سات دنوں تک روزانہ ایک بادام پر اس اسم مبارک کو اپنے نام کی تعداد کے مطابق پڑھے اور اسے کھائے اور اس نقش کو دودھ میں ڈال کر ابالے اور اس دودھ کو روزانہ سونے سے پہلے پیا کرے اور اسی دوران ہم بستری میں مشغول ہو اللہ کے حکم سے صاحب اولاد ہونگے۔اگر کسی کا کاروبار بند ہو گیا ہو تو وہ اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد حروف ابجد کی تعداد کے مطابق پڑھنے کا معمول بنالے اس سے بند کاروبار و دکان فراخ ہوگا۔گردہ و مثانے کی پتھری دور کرنے اور اس مرض سے مکمل طور پر شفاء حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور صبح نہار منہ گلاب کے عرق سے دھو کر پئے اس عمل کو سات دن کرنے کے بعد آٹھویں روز اس نقش کو ایک عدد زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں بھی باندھے گردے و مثانے کی پتھریاں خارج ہونگی۔ہر طرح کے بخار سے نجات اور اس کے خاتمے کیلئے اس نقش کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے اور ایک عدد نقش کو مریض کے گلے یا بازو پر باندھے۔اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو اپنے تمام دشمنوں کے نام لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور ایک کو اپنے گھر میں خفیہ مقام پر رکھ دے

ف	ت	ا	ح
ح	ف	ا	ت
ت	ح	ا	ف
ف	ت	ا	ح

العلیم

(ہر چیز کا جاننے والا) حروف ابجد (150) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-ALEEM'O.The All Knowing

اگر کوئی اس اسم کا ورد حروف ابجد کی تعداد میں کسی مخصوص وقت میں کرے تو ہر ظالم و جابر سے حفاظت میں رکھتا ہے اس کا نقش بروز نو چندے منگل بوقت بعد نماز ظہر لکھ کر پاس رکھنے سے ظالم اور جابر افراد موم بن جاتے ہیں نقش کو لکھ کر اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ ضرور لکھے۔اختلاج قلب اور دل کی تمام بیماریوں کے خاتمے کیلئے اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے اپنے دل کے مقام پر باندھے دل کے تمام عارضوں کا خاتمہ ہوگا اور یک عدد نقش کو تین یا سات دنوں تک روزانہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پئے اللہ کرم فرمائیگا۔ہسٹیریا کی بیماری میں مبتلا خواتین کیلئے اس اسم کا نقش نہایت ہی فائدہ مند ہے گلاب کے عرق سے دھو کر پئیں اور ایک کو اپنے الٹے بازو باندھیں بعد اس عمل کے روزانہ ہر فرض نماز کے بعد اسی اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں ورد کریں۔اگر کوئی بچہ یا بڑا پڑھائی میں کمزور ہو یا جو کچھ یاد کرا ہوا سے بھول جاتا ہو تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھ کر ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور دوسرے کو سادہ پانی میں استعمال کرے۔اگر کسی کی ناجائز زبان چلتی ہو تو اسی اسم کو اس کا تصور باندھ کر پڑھے۔اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھنا اللہ کا قرب حاصل کرنے کا موجب بنتا ہے۔

ع	ل	ی	م
م	ع	ی	ل
ل	م	ی	ع
ع	ل	ی	م

القابض

(ہر شے پر قبضہ رکھنے والا) حروف ابجد (903) (مزاج جلالی، عنصر بادی)

AL-QAABIZ'O.The Controller of Each and Everything

دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے دشمن کو مغلوب کرنے کیلئے شیطان کو اپنے پاس سے بھگانے کیلئے اس کا بکثرت ورد کرے۔ اگر کوئی دشمن کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو تو اس نقش کو نیلی سیاہی سے لکھ کر اس کے پیچھے نام دشمن مع والدہ لکھ کر اسے دو قبروں کے درمیان دفن کرے دشمن کی اصلاح ہوگی۔ اگر کوئی نشہ کرتا ہو اور اس عادت کو ترک نہ کرتا ہو تو اس نقش کو تانبے پر لکھ کر اسے آگ میں گرم کرکے اسے پانی میں ڈال کر یہ پانی پلائے۔ نشہ ترک ہوگا۔ ظالموں کے ظلم و شر سے بچنے اور اللہ کی خاص حفاظت میں رہنے کیلئے اس اسم کو مسجد میں جا کر روزانہ بعد نماز عشاء ایک ہزار کی تعداد میں ہمیشہ ہی ورد کیا کرے اور اس نقش کو اپنے مخصوص دشمنوں کے نام لکھ کر اپنے الٹے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے دشمن جو کچھ بھی وار کریں انشاءاللہ ان پر ہی پڑے گا اور صاحب عمل خاص اللہ کی پناہ میں رہیگا۔ ہر مشکل کام کو آسان بنانے اور کامیابی کیلئے نقش کو گلے میں باندھے اور اسم کو کھلا ورد کرے۔ اللہ ہر مصیبت و پریشانی سے نجات دیگا اور کامیابی ضرور ہوگی۔ اس کا ورد کرنے والے کے دل میں خشوع و خضوع جیسی حاصیت پیدا ہوتی ہے جس کو ہر کوئی فرد ترستا ہے۔

ق	ا	ب	ض
ض	ق	ب	ا
ا	ض	ب	ق
ق	ا	ب	ض

الباسط

(وسعت دینے والا) حروف ابجد (72) (مزاج جمالی، عنصر بادی)

AL-BASSIT'O.The All-Expander

اگر کوئی بے روزگار ہو، یا کسی کی دوکانداری نہ چلتی ہو، یا کسی کے کاروبار میں بہت سخت بندش ہوگئی ہو تو اس اسم مبارک کو بکثرت ورد کرے اور اللہ سے اپنے اس مقصد کی دعا کرے اللہ کے حکم سے رزق میں کشادگی پیدا ہوگی۔ اس نقش کو بھی انہی مقاصد کی خاطر زعفران سے دو عدد لکھے ایک کو دکان ہی چوکھٹ کے اوپر لگائے اور دوسرے کو اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے رزق و روزی کشادہ ہونگے۔ غربت و افلاس دور کرنے کیلئے اس نقش کو پاک و باوضو حالت میں زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اور اس اسم کو روزانہ بعد نماز عشاء گیارہ ہزار مرتبہ ورد کرے اللہ نے چاہا تو غربت و افلاس کے خاتمے کے غیب سے وسائل پیدا ہونگے۔ اگر کوئی چاہتا ہو کہ اس کے عہد میں جلد ترقی ہو اسے بلند مقام حاصل ہو وہ اس نقش کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور کثرت سے اس اسم کا ورد کیا کرے۔ اگر کوئی ہر وقت اللہ کی حفاظت میں رہنا چاہتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے۔ اس نقش کو موقع کی مناسبت سے لکھ کر استعمال کرے اللہ اپنا کرم فرمائیگا۔

ب	ا	س	ط
ط	ب	س	ا
ا	ط	س	ب
ب	ا	س	ط

الخافض

(پست کردینے والا) حروف ابجد (1481) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-KHAAFIZ'O.He Who Humbles and Lowers

جو کوئی بھی اسم مبارک کو ہر فرض نماز کے بعد یا ویسے ہی کھلا پڑھتا ہے اس کے رزق میں کبھی بھی کوئی تنگی نہیں ہوتی ہر وقت رزق کی فراخی رہتی ہے اور کاروبار میں برکت ہوتی ہے۔ اگر کوئی غریب یا مفلس ہو تو وہ اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے بازو پر باندھے اور ایک عدد کاروباری مقام پر لگائے اور اس اسم کا ورد کرے۔ اگر کسی کو ظالم حکمران سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو اور حاکم یا اثر ورسوخ والا فرد نقصان کرنے کی نیت بھی رکھتا ہو تو اس نقش کو کسی صاحب کرامت ولی اللہ کے مزار کے پاس سرہانے بیٹھ کر لکھے اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ اور اس کا نام مع والدہ اور مختصر سا مقصد لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اور اس حاکم کا کامل تصور باندھ کر اس اسم کو پڑھ کر اس کو دم کر دیا کرے۔ اس عمل کی بدولت حاکم اس شخص کے حق میں مغلوب ہوگا اور کوئی بھی ایسی سوچ نہیں رکھے گا جس سے اس فرد کا کوئی نقصان ہوتا ہو۔ آسیب گرفتہ افراد اس نقش کو روزانہ صبح نہار منہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پئیں اور اس نقش کو گلے میں باندھیں۔ اگر کوئی ایسے زن وشوہر ہوں جو اولاد جیسی نعمت سے محروم ہوں تو نوچندی جمعرات والے دن کا روزہ رکھیں اور بعد افطاری کے اس اسم کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھ کر دودھ پر دم کر کے پئیں۔

خ	ا	ف	ض
ص	خ	ف	ا
ا	ص	ف	خ
خ	ا	ف	ص

الرافع

(وہ جو بلندیاں عطا کرتا ہے) حروف ابجد (351) (مزاج جمالی، عنصر بادی)

AL-RAAFI'O.He Who Uplifts

اس اسم مبارک کو جو کوئی بھی پڑھتا ہے اس کی تمام ضروریات خود بخود پوری ہوتی ہیں اگر کسی کو کوئی بہت بڑی مصیبت آجائے اور اس کا حل نہ ملتا ہو تو اس اسم مبارک کو سوا لاکھ کی تعداد میں روزانہ روزہ رکھ کر پڑھے کسی پھل سے سحری کرے اور کسی پھل سے افطاری اللہ کے حکم سے سوا لاکھ کی تعداد پوری بھی نہیں ہوگی اور مقصد میں کامیابی مل چکی ہوگی۔ انشاء اللہ پڑھنے سے پہلے اور بعد کسی میٹھی شے کو ضرور تقسیم کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔ کاروباری افراد اس نقش کو خرچ کرنے والے روپے پر کالی سیاہی سے لکھ کر اسے اپنی جیب میں رکھیں اور ایک کو اپنے کاروباری مقام پر چوکھٹ کے اوپر لگائیں اس عمل سے غیب کے ذریعے رزق کی آمد ہوگی۔ اگر کوئی بہت زیادہ بیمار ہو یا کوئی ایسا مرض پیدا ہو گیا جو لاعلاج بن گیا ہو تو اس نقش کو روزانہ صبح نہار منہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور اسے گلاب کے عرق سے دھو کر پیئے سات دن مسلسل اس عمل کو کرنے کے بعد آٹھویں دن اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے ہر بیماری کا جڑ سے خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی اپنی روحانی طاقت بڑھانا چاہے تو اسی اسم کو کسی تاریک مقام پر ورد کرے۔

ر	ا	ف	ع
ع	ر	ف	ا
ا	ع	ف	ر
ر	ا	ف	ع

المعز

(عزت دینے والا)حروف ابجد(117)(مزاج جمالی،عنصر خاکی)

AL-MOIZZ'O.He Who Gives Honour,Dignity and Loftiness

ذہنی امراض میں مبتلا افراد نماز فجر کی سنتوں اور فروں اور فرضوں کے درمیان اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں اور نماز عشاء کے بعد بکثرت اس اسم کو پانی پر پڑھ کر دم کرے اور پئے اللہ کے حکم سے اسے کوئی بھی ذہنی عارضہ نہیں ہوگا۔اگر پھر بھی افاقہ نہ ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنا نام مع والدہ لکھ کر پانی میں ڈال کر صبح نہار منہ یہ پانی پئے ذہن کھلے گا۔اگر کسی سے کوئی ایسا گناہ سرزد ہو جائے جس سے اس کو اللہ کی طرف سے بخشش کی ناامیدی ہو تو وہ آئیندہ کیلئے سچے دل سے اللہ کے حضور معافی مانگے اور اس اسم کو روزانہ بکثرت ورد کرے۔اور اللہ سے اس گناہ کی سچی توبہ کرنے کے بعد آئیندہ کیلئے کوئی بھی گناہ نہ کرے اللہ کی رحمت بہت وسیع ہے وہ ضرور معاف فرمائیگا اور اپنی رحمت برسائے گا۔اگر کوئی ایسا شخص ہو جس کے متعلق اس بات کی مکمل تصدیق موجود ہو کہ یہ بہت گناہ گار فرد تھا اور اس پر اللہ کے عذاب کے اندازے پکے موجود ہوں تو وہ اس اسم کو اس فرد کے نام کے حروف ابجد کی تعداد کے مطابق روزانہ بعد نماز عشاء ورد کرے اور اس فرد کے لئے ایصال ثواب کرے اللہ کے حکم سے اللہ اپنے جلال و عذاب کو کم فرمائیگا اور اگر کوئی عذاب اس کا آئیندہ کیلئے موجود ہوگا اللہ اپنی رحمت سے بخش دیگا۔

م	ع	ز
ز	م	ع
ع	ز	م
م	ع	ز

المذل

(ذلت دینے والا)حروف ابجد(770)(مزاج جلالی،عنصر آتشی)

AL-MUZILL'O.He Who Humiliates the Disobedient and Proud

جو کوئی بھی اس اسم مبارک کو روٹی کے چار لقموں پر لکھ کر چالیس دنوں تک کھائے تو اسے قبر کا عذاب نہیں ہوگا تمام دشمنوں کے شر سے محفوظ اور ان پر فتح حاصل کرنے کیلئے اس اسم مبارک کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور ان کا تصور باندھ کر پھونک دیا کرے دشمن اور حاسد مغلوب ہونگے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے دشمن و حاسد افراد کا خاتمہ ہوگا اگر کوئی جادو ٹونے وسحر آسیب کے چکر میں مبتلا ہو جائے اور کوئی بھی طریقہ کارآمد نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور دوسرے کو گلاب کے عرق میں ڈال کر صبح نہار منہ اس عرق کو پئے اللہ کے حکم سے جو امراض سمجھ میں نہیں آرہے ہونگے یا جن چکروں میں مبتلا ہوگا ان سے مکمل طور پر جان چھوٹ جائیگی۔اگر کسی دشمن کا خوف ہو اور دشمن طاقتور بھی ہو تو دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھے اور سجدے میں سر رکھ کر اس اسم کو دشمن کے نام حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اللہ کے حکم سے دشمن خود زلیل و خوار ہوگا۔اس کے اندر ایسی خاصیت ہے کہ جو کوئی بھی اس اسم کی سوا لاکھ کی زکات چالیس دنوں کے اندر ادا کرلے گا تو اس کی زبان میں ایسا اثر پیدا ہوگا کہ جس کسی کو بھی ایک مرتبہ دم کریگا اس کی بڑی سے بڑی بیماری کا اسی وقت خاتمہ ہوگا۔

م	ذ	ل
ل	م	ذ
ذ	ل	م
م	ذ	ل

السمیع

(سب کی سننے والا) حروف ابجد (180) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-SAMEE'O.Who Hears Every Sound

دنیاوی ہر مقصد میں کامیاب ہونے کیلئے اس اسم کو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے دنیاوی تمام مقاصد میں ہر طرح سے کامیابی ہی ہوگی۔ اگر کوئی ہر نماز کے بعد بکثرت اس کا ورد کرے اور پھر اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کرے تو اس کا رزق وسیع ہوگا اور اسے غربت وافلاس سے نجات حاصل ہوگی اگر کسی کے گھر کا رزق باندھ دیا گیا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر دروازے کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اور ایک عدد زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے ہر قسم کی بندش کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی بہت بڑی حاجت ہو تو وہ اس اسم کو اپنے مقصد کے حصول تک ورد کرے اور اس نقش کو سادہ پانی میں گھول کر پئے اللہ کی رحمت ہوگی انشاء اللہ مستجاب الدعوات اور اللہ تعالیٰ کا مقرب بندہ بننے کیلئے اس اسم کو سوالاکھ کی تعداد میں پرہیز جلالی و جمالی پر کاربند رہتے ہوئے ورد کرے اس کی زبان کے اندر کن کا کمال پیدا ہوگا۔ جس کسی کیلئے جو بھی دعا یا بد دعا کریگا وہ فوراً اللہ کے ہاں مستجاب ہوگی۔ اس اسم کی زکات ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اگر اس نقش کی بھی زکات ادا کردی جائے تو دونوں طرح سے فوائد بے شمار حاصل ہونگے۔ اگر کوئی عورت حاملہ ہو اور اس کی خواہش ہو کہ اس کا بچہ خوبصورت پیدا ہو تو اس اسم کو روزانہ بعد نماز عشاء ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے پیٹ پر دم کرے۔

س	م	ی	ع
ع	س	ی	م
م	ع	ی	س
س	م	ی	ع

البصیر

(ہر چیز کو دیکھنے والا) حروف ابجد (302) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-BASEER'O.Who Sees Everything

جو کوئی بھی اس اسم کو ہر نماز کے بعد حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے تو اس کے دین و دنیا کے کام خود بخود انجام پائیں گے اور اس کے نقش کو جو کوئی بھی اپنے پاس زعفران سے لکھ کر رکھے گا اس پر کوئی بھی جادو اثر نہیں کریگا۔ اگر کسی کو جادو یا سحر کی شکایت ہو تو اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھے اور مریض کو شہد ڈال کر چٹائے اللہ کے حکم سے تمام سحر کا خاتمہ ہو۔ آنکھوں کے تمام امراض کے خاتمے اور شفاء حاصل کرنے کیلئے ایک عدد گلاب کے عرق کی بوتل لائی جائے اور اس پر روزانہ اس اسم مبارک کو حروف ابجد کی تعداد میں دم کر کے صبح نہار منہ دم شدہ عرق کو اپنی آنکھوں میں ڈالے اور تین گھونٹ پی لے جس عرق کو آنکھوں میں ڈالے اس کی بے ادبی نہ کرے اور ضائع شدہ عرق کو کسی پودے میں ڈالے۔ شیطانی وسوسوں سے نجات اور اللہ کی حفاظت میں رہنے کیلئے اس اسم کو روزانہ فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر سادہ پانی پر دم کرے اور اس پانی کو تھوڑا سا سینے پر بعد ملنے کے پی لیا کرے سات دن عمل کو کرے۔ اس اسم کو جو کوئی بھی محبوب یا کسی کی بھی ناراضگی دور کرنے کیلئے بے پناہ اس کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے گا تو اللہ اس کے پڑھنے والے پر اپنی خاص رحمت برسائے گا اور اس شخص سے کوئی بھی ناراض نہیں ہوگا۔

ب	ص	ی	ر
ر	ب	ی	ص
ص	ر	ی	ب
ب	ص	ی	ر

الحکم

(انصاف کرنے والا) حروف ابجد (68) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-HAKAM'O.The Judge,Provides the Right to Deserving

اگر کوئی اپنے عہدے میں ترقی چاہتا اور اپنے افسران کی تسخیر کرنا چاہتا ہو تو اس اسم کو روزانہ بعد نماز اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اس نقش کو سبز ریشمی کپڑے پر زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ زیر ہوگا اور اس کا ورد کرنے والے کے دشمن بھی زیر رہتے ہیں اور جس عہدے پر فائز ہوگا اس میں ترقی ضرور ہوگی۔ افسران بالا کو جائز طور پر مسخر کرنے کیلئے اس اسم کو اپنے افسر کا مکمل تصور باندھ کر بعد نماز فجر افسر کے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر تصور میں اس کو دم کر دیا کرے افسر جائز کام اور ضرور کے وقت کام آئیگا۔ کشف و اسرار جاننے اور مخفی مخلوقات کے متعلق پتہ لگانے کیلئے اس اسم کو کامل پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ سوا لاکھ کی تعداد میں علیحدہ پاک و صاف مقام پر ورد کرے اللہ اس کے ذاکر کی خواہش ضرور پری کریگا اور اس اسم کی برکت کے بدلے میں جو بھی مقصد ہوگا اسے پورا فرمائیگا۔ رزق کی کشادگی اور فراوانی کیلئے بعد نماز عصر اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے۔ اگر کسی کو رشتہ کرنے میں کوئی رکاوٹ پیش آ رہی ہو تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو کسی شہید کے مزار پر باندھے اور دوسرے کو اپنے پاس رکھ کر رشتہ مانگنے جائے انکار نہیں ہوگا۔

م	ک	ح
ک	ح	م
ح	م	ک
م	ک	ح

العدل

(سرتاپا انصاف) حروف ابجد (104) (مزاج مشترک، عنصر آتشی)

AL-ADAL'O.The Justice

جو کوئی روزانہ اس اسم کو بعد نماز مغرب حروف ابجد کی تعداد یا اپنے نام کے حروف ابجد کی تعداد کے مطابق پڑھے تو دوسری مخلوق کے دل میں اس شخص کی ہیبت اور عظمت پیدا ہوگی اس اسم کا ذکر کرنے والا لوگوں سے بے نیاز ہو جاتا ہے اس کی طبیعت میں عاجزی اور انکساری پیدا ہوتی ہے اس لئے اگر کسی کو بہت زیادہ غصہ آتا ہو تو وہ اس اسم کا ورد کرے اور اس مرض سے جان چھڑوانے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور ایک کو پانی میں گھول کر صبح نہار منہ اس پانی کو پئے اس کو زیادہ غصہ نہیں آئیگا۔ اگر کسی کو دنیاوی معاملات میں کسی بھی طرح انصاف نہ ملتا ہو تو وہ اس اسم کو اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر مسلسل کھلا ورد کرے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ اور مختصر سا مقصد لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے جس کے پاس کوئی کیس یا انصاف ہوگا وہ اس میں کوئی بھی بخل سے کام نہیں لیگا اور انصاف ملنے کے کئی وسیلے بن جائیں گے۔ یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ایسا اسم ہے جو دین کے دشمنوں کے کیلئے ایک سیف تلوار سے کم نہیں لہٰذا اگر کسی شریف انسان کو کوئی بدقماش افراد پریشان کرتے ہوں اور اس کی عزت کو دوسروں میں اچھالتے ہوں تو اس اسم کو بکثرت پڑھ کر اپنے دشمنوں کا مکمل تصور باندھ کر دم کیا جائے اور اس نقش کو اپنے پاس رکھا جائے۔

ل	د	ع
د	ع	ل
ع	ل	د
ل	د	ع

اللطیف

(بڑا لطیف وکرم کرنے والا) حروف ابجد (129) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-LATEEF'O.The Most Affectionate and Aware of the Innermost Secrets.He Who Blesses Everyone Mysteriously.His Creating Philosophy is Inconceivable.

اگر کوئی کسی کا قرض دار ہو اور قرض اتارنے کی کوئی سبیل نظر نہ آرہی ہو تو وہ بکثرت اس اسم کا ورد کرے اور اس نقش کو اسی مقصد سے زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے۔ قرض ادا ہوگا۔ کسی سخت دل فرد کو اپنے اوپر مہربان کرنے کیلئے اس اسم کو اس فرد کا تصور باندھ کر پڑھے اور اس نقش کے نیچے اپنا نام مع والدہ اور اس فرد کا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے الٹے بازو پر باندھے اس کا دل نرم ہوگا اور دنیاوی کاموں میں حتی الامکان وسیلہ بننے کی کوشش بھی کریگا۔ دلی جائز مرادوں کو پورا کرنے اور دنیاوی معاملات میں سو فیصدی کامیاب ہونے کیلئے اسم مبارک کو کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر جا کر روزانہ حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اس نقش کو سات دنوں کے بعد وہیں پر بیٹھ کر بعد ورد کرنے کے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے دلی جو بھی مراد ہوگی اس میں کامیابی حاصل ہوگی۔ تمام پریشانیوں و مصیبتوں سے نجات حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے۔

ل	ط	ی	ف
ف	ل	ی	ط
ط	ف	ی	ل
ل	ط	ی	ف

الخبیر

(باخبر اور آگاہ) حروف ابجد (812) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-KHABEER'O.The All-Aware and All-Knowing

اگر کوئی روزانہ ہر فرض نماز کے بعد اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھنے کا معمول بنالے تو اس شخص کی زبان میں ایسا اثر پیدا ہوگا کہ اس کی دعا اور بددعا دونوں ہی مستجاب ہونگی اگر کوئی کسی مشکل یا پریشانی میں پھنس گیا ہو تو سات دنوں تک اس اسم مبارک کو سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھے اللہ کے حکم سے ایسا کرم ہوگا کہ کوئی بھی مصیبت نہیں آئیگی اس نقش کو باعث برکت کیلئے اپنے گلے میں باندھے۔ تمام قسم کے پوشیدہ اسرار و مخفی مخلوقات کے متعلق جاننے کیلئے اس اسم کو بعد نوافل تہجد مراقبہ کی حالت طاری کر کے اپنی آنکھوں کو بند کر کے پڑھے اور کسی سے اس کا ذکر نہ کرے اس کے دل میں تمام مخفی اسرار خود بخود سماتے جائیں گے اور ان سے مکمل واقفیت ضرور حاصل ہوگی۔ شیطانی وسوسوں کو اپنے آپ سے دور کرنے کیلئے اس اسم کو سات دنوں تک پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے سوا لاکھ کی تعداد میں ورد کرے اور اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اسے اپنے دل کے مقام پر باندھے شیطان اس فرد سے دور ہوگا۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت دشمنوں کا خاتمہ ہوگا اور حاسد افراد سرنگوں رہیں گے۔ جو کوئی بھی شخص غربت اور افلاس سے تنگ ہو اور رزق و روزی کا کوئی صحیح حل نہ مل رہا ہو تو اس اسم مبارک کو رات کو بعد نماز عشاء گیارہ سو کی تعداد میں پڑھے۔

خ	ب	ی	ر
ر	خ	ی	ب
ب	ر	ی	خ
خ	ب	ی	ر

الحلیم

(بڑا بردبار اور برداشت والا) حروف ابجد (88) (مزاج جمالی، عنصر آبی)

AL-HALEEM'O.The Clement,The Merciful

حروف ابجد (202) اس اسم کے ذاکر کو دشمن کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے کثرت سے اس کا ذکر کرے اور اس کا نقش زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے اسے اگر کوئی اپنے افسر کے دل میں جگہ پیدا کرنے کیلئے پڑھے تو اس افسر کے دل میں جگہ پیدا ہوگی اگر اس کا نقش کوئی ایسا لڑکا یا لڑکی اپنے گلے میں باندھے جس کی شادی نہ ہو رہی ہو تو شادی ہوگی۔ اللہ کا خاص قرب حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے دل پر ضرب مارے۔ اس اسم مبارک سے دین کے دشمنوں کا خاتمہ ہوتا ہے اگر کوئی مسلمانوں کی آبادی میں دین کے خلاف سکیمیں تیار کرتا ہو تو اس اسم مبارک کو ان افراد کا کامل تصور باندھ کر ان پر دم کیا کرے اور اگر ہو سکے تو اس نقش پر ان افراد کے نام لکھ کر چار مرتبہ اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھے ایک کو آگ کے پاس دفن کرے ایک کو کانٹوں والے درخت پر لٹکائے ایک کو اپنے بازو پر باندھے اور ایک کو کسی پاک جگہ پر دفن کرے دشمنوں کا خاتمہ ہوگا۔ اس اسم مبارک میں یہ خاصیت ہے کہ اللہ اس اسم کو پکارنے والے کی دعاؤں اور بددعاؤں کو بہت جلد سنتا ہے اور اگر کوئی اس اسم کا عامل بننا چاہے جس سے فوراً جو بھی دعا ہو وہ جلد از جلد پوری ہو۔

ح	ل	ی	م
م	ح	ی	ل
ل	م	ی	ح
ح	ل	ی	م

العظیم

(بڑا بردبار اور برداشت والا) حروف ابجد (1020) (مزاج مشترک، عنصر آبی)

AL-AZEEM'O.The Magnificent,The Great

اگر کسی کو مخفی علوم سیکھنے کا شوق ہو یا کوئی اپنی روحانی طاقت کو بڑھانا چاہے تو وہ اس اسم مبارک کو بعد نماز عشاء پانچ ہزار کی تعداد میں پڑھے اور اللہ سے اپنے اس مقصد کی دعا کرے اگر کوئی اس نقش کو اپنے کسی بھی مقصد میں کامیاب ہونے کیلئے زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے تو بھی یہ بابرکت عمل ہے۔ تمام مخلوق میں اپنا اعلیٰ مقام بنانے اور چشم خلائق میں مقبول ہونے کیلئے اس اسم کو روزانہ بکثرت ورد کیا کرے اور اس نقش کے نیچے اپنا نام مع والدہ اور مختصر سا مقصد لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے صاحب عمل کو جو کوئی بھی دیکھے گا وہ اس کی عزت و احترام ہی کریگا۔ شفائے امراض کیلئے اس اسم کو روزانہ حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اور پلانے سے پہلے اسکے کچھ چھینٹے مریض کے منہ پر بھی مارے پھر اس نقش کو مریض کے گلے میں پہنائے اللہ کے حکم سے جو بھی امراض یا بیماری ہوگی اس کا جڑ سے خاتمہ ہوگا۔ اللہ کا قرب حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے۔ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے کاروباری مقام پر لگائے اور ایک کو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے رزق کے معاملے میں جو کوئی بھی رکاوٹ ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا۔

ع	ظ	ی	م
م	ع	ی	ظ
ظ	م	ی	ع
ع	ظ	ی	م

الغفور

(بڑا بخشش کرنے والا) حروف ابجد (1286) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-GHAFOOR'O.Who Forgives All

اگر کوئی برے کاموں کو چھوڑ کر صحیح کاموں کی طرف راغب ہونا چاہے لیکن شیطان اس کا ساتھ نہ چھوڑے تو اس اسم کو رات کو ضربی انداز میں اپنے جسم پر ضربیں لگا کر پڑھے شیطان اس فرد سے پناہ مانگے گا۔ لوگوں میں مقبول بننے اور شہرت حاصل کرنے کیلئے اگر کوئی اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے الٹے بازو پر باندھے تو جو کوئی بھی دیکھے گا قربان ہوگا۔ تمام قسم کے جملہ امراض سے محفوظ اور شفاء حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو دو عدد زعفران سے سفید کاغذ پر لکھا جائے ایک کو مریض کے گلے میں باندھا جائے اور دوسرے کو گلاب کے عرق یا سادہ پانی میں گھول کر ہر وقت پلایا جائے اللہ کے حکم سے تمام بیماریوں کا خاتمہ ہوگا اور شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ سخت دلوں کو نرم کرنے اور ظالموں کی اصلاح کرنے کیلئے اس اسم کو ان افراد کے حروف ابجد کی تعداد اور اس اسم کے حروف ابجد کو ملا کر پانی پر دم کر کے پلائے سات دن مسلسل اس عمل کو کرنے کے بعد آٹھویں روز اس نقش کو پانی میں گھول کر پلائے ظالموں کی اصلاح ہوگی اور سخت دل نرم ہونگے۔ جو کوئی بھی اس اسم مبارک کو رزق کو فراخ کرنے کی نیت سے روزانہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے گا اس کا رزق کبھی بند نہیں ہوگا اور نہ ہی کسی قسم کی کوئی رکاوٹ رزق میں ہوگی۔

ر	و	ف	ع
ف	و	ع	ر
ع	و	ر	ف
ر	و	ف	ع

الشکور

(بڑا قدر کرنے والا) حروف ابجد (526) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-SHAKOOR'O.The Appreciative,The Giver of Reward

صاحب کشف بننے کیلئے اس اسم مبارک کو تازہ غسل کر کے تنہائی کے مقام پر اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اللہ کے حکم سے جو بھی مخفی اسرار ہیں وہ اس فرد پر منکشف ہونگے وکیل یا جج صاحبان اس نقش کو لکڑی پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھیں ان سے ناانصافی نہیں ہوگی۔ آنکھوں کے امراض میں شفاء حاصل کرنے کیلئے سادہ پانی پر اس اسم مبارک کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر دم کیا جائے اور اس سے اپنی آنکھوں کو دھویا جائے استعمال شدہ پانی کو پودوں میں ڈالا جائے اللہ کے فضل سے آنکھوں کے امراض سے شفاء حاصل ہوگی۔ مختلف قسم کی پریشانیوں میں مبتلا افراد اس نقش کو دو عدد زعفران سے سفید کاغذ پر لکھیں ایک کو پانی میں گھول کر پئیں دوسرے کو اپنے سیدھے بازو پر باندھیں اور خود اس اسم کو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد حروف ابجد کی تعداد میں ورد کریں اللہ رب العزت ہر قسم کی پریشانی سے نجات ضرور دیگا اور اپنی رحمت برسائیگا۔ اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کیلئے اس اسم کو کھلا ورد کیا کرے اللہ خوش ہوگا۔ اگر کوئی فرد اس نقش کو رزق کو فراخ کرنے کی نیت سے تین عدد زعفران سے لکھے اور ایک کو گلے میں باندھے ایک کو کاروباری مقام پر لگائے ایک کو اپنے روپوں والی جگہ میں رکھے تو غیب سے وسائل پیدا ہونگے۔

ر	و	ک	ش
ک	و	ش	ر
ش	و	ر	ک
ر	و	ک	ش

العلی

(بڑی بلندیوں والا) حروف ابجد (110) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-ALEY'O.The Highest

اگر اللہ کا قرب حاصل کرنا ہوتو اس اسم مبارک کو حروف ابجد کی تعداد کے مطابق ورد کرے اس سے اللہ کا قرب حاصل ہوگا نفسانی خواہشات کا خاتمہ کرنے کیلئے اس نقش کو دو عدد زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے ایک کو گلاب کے عرق میں ڈال کر پئے اور دوسرے کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے نفسانی خواہشات کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی کسی مصیبت یا پریشانی میں مبتلا ہوتو اس اسم کا ورد کرے اور پڑھنے سے پہلے کسی میٹھی چیز کو بچوں میں ضرور تقسیم کرے اگر کوئی قیدی ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہوتو وہ اس اسم کا ورد کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے جس کے پاس اس کا کیس ہوگا اس کا دل نرم ہوگا اور قیدی چھوٹ جائیگا۔ یہ سب اسی صورت میں ہوگا جب ناجائز قید کیا ہوگا دشمنوں پر فتح حاصل کرنے اور انہیں اپنے حق میں زیر کرنے کیلئے اس اسم کو اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر کھلا ورد کرے اور اس نقش کو سیدھے بازو پر باندھے۔ ہر طرح کا غلبہ حاصل کرنے کیلئے اس اسم کا کھلا ورد کیا جائے۔ ہر مشکل سے مشکل کام کو آسان بنانے اور کامیاب ہونے کیلئے اس اسم کو کام شروع کرنے سے پہلے ورد کیا کرے اللہ کے حکم سے اللہ اس اسم مبارک کی بدولت اس کام کو ضرور پورا کریگا جو مشکل ترین ہوگا۔

ع	ل	ی
ی	ع	ل
ل	ی	ع
ع	ل	ی

الکبیر

(بہت بڑا) حروف ابجد (232) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-KABEER'O.The Greatest

اگر کسی کا ذھن کند ہو گیا ہو تو اس نقش کو بارش کے پانی یا گلاب کے عرق میں ڈال کر صبح نہار منہ پئے اللہ کے حکم سے ذھن کشادہ ہوگا۔ اور دوسروں سے زیادہ ذھین ہوگا۔ تمام افراد کو تسخیر اور ان پر جائز طور پر حکومت کرنے کیلئے اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد پڑھے اور اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے متعلقہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ اگر کوئی دشمنوں و حاسدوں پر غلبہ کرنا چاہتا ہو تو اس اسم کو چاندی کی انگشتری پر نوچندی جمعرات والے دن کندہ کروائے اور اسے اپنے ہاتھ کی درمیان والی انگلی میں پہنے اللہ کے حکم سے جو بھی دشمن یا حاسد افراد ہونگے وہ اس انگوٹھی پہننے والے کے حق میں زیر ہونگے لیکن اسے پہن کر کوئی بھی ایسا کام نہ کرے جو خلاف شرع ہو ورنہ اس کا اثر زائل ہو جائیگا مختلف امراض سے شفاء حاصل کرنے اور بیماریوں سے محفوظ رہنے کیلئے اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور دوسرے کو گلاب کے عرق میں دھو کر پئے۔ گر کسی کا رشتہ باندھ دیا ہو اور کہیں بھی شادی نہ ہوتی ہو تو اس اسم کو رات کو گیارہ سو کی تعداد میں پڑھے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اللہ کریم ضرور رکاوٹوں کو دور کریگا۔

ک	ب	ی	ر
ر	ک	ی	ب
ب	ر	ی	ک
ک	ب	ی	ر

الحفیظ

(سب کا محافظ) حروف ابجد (998) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-HAFEEZ'O:The Protector and Preserver

اللہ تعالیٰ کی بے پناہ نعمتیں حاصل کرنے کیلئے اس اسم مبارک کا ہر فرض نماز کے بعد حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اس کے نقش کو اپنے گھر یا دوکان میں باعث زیادتی رزق کیلئے لگائے اللہ کے حکم سے رزق بڑھے گا اور ہر بندش ختم ہوگی اس کے علاوہ جو کوئی بھی اس کے نقش کو اپنے پاس رکھے گا اس کو کوئی مشکل یا مصیبت نہیں آئیگی اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہیگا۔ جادو ٹونہ آسیب سے محفوظ رہنے کیلئے اس اسم کو ہمیشہ جو کوئی بھی ہر فرض نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے گا اس پر کبھی جادو ٹونے کا اثر نہیں ہوگا اگر کوئی اس قباحت میں مبتلا ہو چکا ہو تو اس نقش کو روزانہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور اسے شہد سے مٹا کر پیئے اور دوسرے کو اپنے گلے میں اپنا نام مع والدہ لکھ کر پہنے بحکم خدا کوئی بھی سایہ یا جادو ٹونے کا اثر نہیں ہوگا۔ دشمنوں کے کئے ہوئے بد اعمال کو واپس لوٹانے کیلئے اس اسم کو اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اس نقش کو ورد کرتے ہوئے سجدے کی جگہ مصلے کے نیچے رکھے اور بعد میں پہن لیا کرے۔ اس اسم کو کوئی بھی علم کو وسیع کرنے کی نیت سے پڑھے اللہ عقل و فہم میں ترقی کریگا اور جو کوئی پڑھائی کو بھولتا ہو یا اس کو پڑھا ہوا سبق یاد نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر اس پر اسی اسم کو پانچ سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے پانی میں ڈال کر اس پانی کو روزانہ صبح نہار منہ پیئے۔

ظ	ی	ف	ح
ف	ی	ح	ط
ح	ی	ط	ف
ط	ی	ف	ح

المقیت

(سب کو روزی و توانائی دینے والا) حروف ابجد (550) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-MUQEET'O.The Giver of Subsistence and Strength

اگر کوئی افسر بدزبانی کرتا ہو تو اس کے سامنے جانے سے پہلے اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اپنے ہاتھوں پر دم کرکے ہاتھوں کو منہ پر پھیرے پھر جائے افسر بدزبانی نہیں کریگا بلکہ اس فرد سے خندہ پیشانی پیش آئے گا۔ اگر کسی دو افراد میں صلح کروانی ہو تو اس نقش کو لکھ کر دھو کر اس کا پانی ان دونوں کو پلائے صلح ہوگی نقش کے نیچے دونوں کے نام مع والدہ ضرور لکھے اور مختصر سا مقصد بھی غربت و افلاس سے محفوظ رہنے اور دنوں کے اندر مالا مال بننے کیلئے اسم مبارک کو روزانہ بعد نماز عشاء حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اس نقش کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے نقش لکھنے کا دن نو چندی اتوار ہے۔ چڑچڑے پن و بد مزاج افراد کی اصلاح اور ان کو خوشحال کرنے کیلئے اور ناجائز غصہ اتارنے کیلئے اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھے اور نیچے متعلقہ نام مع والدہ لکھ کر اسے شہد و گلاب کے عرق دونوں سے مٹا کر اسے پلائے اور اس نقش کو نام لکھ کر گلے میں پہنائے اللہ کے حکم سے مقصد حل ہوگا۔ اگر کوئی پڑھائی میں کند ذہنی کا شکار ہو تو اس اسم کو پانی پر دم کرکے پیئے جو کچھ بھی یاد کریگا وہ یاد رہیگا۔

ت	ی	ق	م
ق	ی	م	ت
م	ی	ت	ق
ت	ی	ق	م

الحسیب

(بڑا شمار کنندہ) حروف ابجد (80) (مزاج مشترک، عنصر آتشی)

AL-HASEEB'O.He Who is Well Aware of What the People do Throughout the Life

اگر کوئی اس اسم کا نقش زعفران سے لکھے اور اسے چاندی میں بند کروا کر اپنے پاس خفیہ جیب میں رکھے تو اس کی برکت سے اس کو کبھی بھی رزق کی کمی نہیں آئیگی اگر کسی کی آنکھوں کا کوئی بھی عارضہ ہو تو اس اسم کو مریض کے نام کے حروف ابجد کی تعداد اور اس اسم کے حروف ابجد کی تعداد دونوں کو ملا کر سادہ پانی پر دم کرے اور اس سے اپنی آنکھوں کو دھوئے اور ایک عدد نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے لیکن پانی کی بے ادبی نہ کرے۔ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے اس اسم کو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد حروف ابجد کی تعداد میں اپنے دشمنوں کا کامل تصور باندھ کر پڑھے اور ان کی طرف دم کرے۔ ہر قسم کے خوف غم و دکھ کو دور کرنے اور اپنی دنیاوی زندگی کو خوشحال گزارنے کیلئے اس اسم کو روزانہ بعد نماز فجر حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے۔ نعمتوں کی زیادتی کیلئے روزانہ اس اسم کو کسی بھی وقت حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے دیوانے آسیب زدہ اور مرگی والے افراد کو اس کا نقش گلاب کے عرق سے دھو کر پلائے اور دوسرے کو الٹے بازو کے ساتھ باندھے اس اسم مبارک کو خاص طور سے نشے کی عادت کو ترک کرنے کیلئے استعمال کرے۔

ب	ی	س	ح
س	ی	ح	ب
ح	ی	ب	س
ب	ی	س	ح

الجلیل

(بلند مرتبے والا) حروف ابجد (73) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-JALEEL'O.The-Glorious

اگر کوئی اس نقش کو زعفران سے سفید کپڑے پر لکھے اور اس پر اسی اسم کو حروف ابجد کی تعداد کے مطابق پڑھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے تو جو کوئی بھی اس عمل کرنے والے کو دیکھے گا وہ اس کی دل سے عزت کریگا۔ اگر کسی کی شادی نہ ہو رہی ہو تو اس نقش کو لکڑی کی کنگھی پر کندہ کروائے اور اسے دن کے تین حصوں میں اپنے سر پر پھیرے اور ایک نقش کو اپنے گلے میں باندھے اور اس اسم کا کھلا ورد کرے۔ اس عمل کی بدولت اس کی اچھی جگہ شادی ہو جائیگی۔ اللہ کا قرب حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو بوقت تہجد حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کرے اللہ نے چاہا تو اللہ اپنا قرب عطا کریگا۔ اعلیٰ حکام و افسران کی تسخیر کیلئے اس نقش کے نیچے ان کا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور خود منہ میں اسی اسم کا کھلا ورد کیا کرے اللہ کے حکم سے وہ ماتحت ہونگے اور جو بھی جائز ضرورت ہوگی وہ پوری کر دیا کریں گے۔ دشمن کے خوف سے نجات حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو دشمن کے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں ورد کیا کرے اور نقش کو گلے میں اس کا نام مع والدہ لکھ کر باندھے۔

ل	ی	ل	ج
ل	ی	ج	ل
ج	ی	ل	ل
ل	ی	ل	ج

الکریم

(بڑا کرم کرنے والا) حروف ابجد (270) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-KAREEM'O.The Benevolent,The Generous

جو کوئی بھی اس اسم کا بے پناہ ورد کریگا اس کی تمام مخلوق میں عزت ہوگی اور اس کا نقش پاس رکھنے کی بھی یہی تاثیر ہے لیکن اس کے نیچے نام مع والدہ ضرور لکھے اگر کسی جگہ سے ڈر لگتا ہو تو اس اسم کو پڑھ کر جائے اور ایک نقش کو اپنے سیدھے بازو پر بھی باندھے اللہ کے حکم سے کوئی بھی خوف نہیں آئیگا اور نہ ہی کوئی ڈرائے گا۔ تسخیر القلوب کیلئے اس اسم کو چاندی کی انگشتری پر بروز بدھ کندہ کروائے اور اسے اپنی ہاتھ کی سیدھی انگلی میں پہنے اللہ کے حکم سے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ صاحب عمل کے حق میں زیر رہیگا۔ دشمنوں و حاسدوں کے خوف سے بچنے اور ان کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے اس اسم کو کالی مرچوں کے سات دانوں پر حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور انہیں آگ میں جلائے اور خود اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے دشمنوں و حاسدوں کا خوف اور ان کے شر سے محفوظ ہوگا۔ تمام مخلوقات پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو نوچندی منگل والے دن بوقت سورج طلوع کے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور خود بکثرت اس اسم کا ورد کیا کرے۔

م	ی	ر	ک
ر	ی	ک	م
ک	ی	م	ر
م	ی	ر	ک

الرقیب

(بڑا نگہبان) حروف ابجد (312) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-RAQEEB'O.The Watchful,The Caretaker.He Who Observes.All Creatures and every Action is Under His Control

اگر اس نقش کو کوئی بھی چاندی کے پترے پر کندہ کروا کر اپنے مال خانہ کی جگہ رکھے تو اس کے مال کو کبھی چور یا غیر انسانی مخلوق نہیں چرا سکے گی۔ اگر اس کو اسی انداز سے استعمال کرے اور اپنے گلے میں باندھے تو کسی بھی قسم کا جادو اور سحر اثر نہیں کریگا۔ اگر کوئی مسحور ہو اور علاج کے بعد بھی آرام نہ آرہا ہو تو اس اسم کو اس مریض کے سرہانے بیٹھ کر اس مریض کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اس پر دم کرے اور اس نقش کو لکھ کر گلے میں بھی پہنائے اور اس کو گلاب کے عرق میں ڈال کر پلائے جادو و سحر باطل ہوگا۔ بدزبان افراد کی زبان بندی کرنے کیلئے اس اسم کو کسی ترش شے پر دم کر کے کھلائے اور خود اس نقش کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے الٹے بازو پر باندھے۔ امیر لوگوں کی نظروں میں صاحب عزت بننے کیلئے اس اسم کو ان کا تصور باندھ کر روزانہ بعد نماز عشاء حروف ابجد کی تعداد میں دم کرے اور خود اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے۔ ہر طرح کی نحوست سے بچنے کیلئے اس نقش کو اپنے گلے میں باندھے۔

ب	ی	ق	ر
ق	ی	ر	ب
ر	ی	ب	ق
ب	ی	ق	ر

المجیب

(دعائیں قبول کرنے والا) حروف ابجد (55) (مزاج جمالی، عنصر بادی)

AL-MUJEEB'O.The Responsive,The Answerer

اس اسم کو جو کوئی بھی حروف ابجد کی تعداد کے مطابق ورد کریگا اس کو کوئی بھی پریشانی نہیں آئیگی اور وہ اللہ کے نزدیک محبوب ہوگا۔ اگر کوئی نفسیاتی مریض ہو تو اس اسم کے نقش کو زعفران سے اس مریض کے دھلے ہوئے کپڑے پر لکھے اور اس کے گلے میں پہنائے اللہ کے حکم سے نفسیاتی مرض ختم ہوگا اگر اس کے نقش کو پانی میں دھو کر بھی پلائے تو دوہرا اثر رکھتا ہے۔ اگر منہ یا جسم کے حصوں پر سرخ دانے نکلتے ہوں یا دانوں کے نشان پڑ چکے ہوں تو اس اسم کو روزانہ حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر ان دانوں پر دم کیا جائے اور اس نقش کو گلاب کے عرق میں ڈال کر خود بھی پئے اور روئی کی مدد سے تھوڑا تھوڑا دانوں پر لگائے سرخ دانوں کا خاتمہ ہوگا اور نشانات بھی مٹ جائیں گے۔ مرض خناق سے نجات حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو دو عدد زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے ایک کو گلاب کے عرق کے ساتھ دھو کر پئے اور دوسرے کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے۔ دو افراد کی دشمنی کو ختم کرنے کیلئے اس نقش کو لکھ کر کسی میٹھی شے میں ملا کر پلائے ان کی صلح ہوگی۔ تمام مخلوقات کی نظر میں صاحب عزت بننے اور ان سے اپنے جائز مطالبات منوانے کیلئے حروف ابجد کی تعداد میں ورد کیا جائے۔

م	ج	ی	ب
ب	م	ی	ج
ج	ب	ی	م
م	ج	ی	ب

الواسع

(بڑی وسعت والا) حروف ابجد (137) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-WAASI'O.He Who has Infinitive Mercy,Capacity and Abundance

اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد کے مطابق پڑھنا دشمن کے ہر شر اور اس کی طرف سے بھیجے ہوئے ہر فساد کو واپس اسی کی طرف پلٹنے کے برابر ہے اگر کسی کا کوئی دشمن اپنی حد سے باہر نکل چکا ہو اور ہر وقت کسی شریف انسان کو پریشان کرنے کی سکیمیں بناتا ہو تو اس نقش کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھ کر نام دشمن مع والدہ لکھ کر اپنے بازو پر باندھے دشمن زیر ہوگا۔ کسی بھی منہ زور مرد و عورت کو قابو میں رکھنے اور اس کی اصلاح کرنے کیلئے اس نقش کو تانبے کے پترے پر لکھے اور اسے پانی میں ڈال کر اس کا پانی اس عورت کو پلائے۔ بدخوابی کے خاتمے کیلئے اس نقش کو چارپائی کے الٹے طرف باندھا جائے اور ایک کو اپنے گلے میں کالے چمڑے میں محفوظ کروا کر پہنے۔ بدخوابی دور ہوگی اور پرسکون نیند آئیگی۔ دشمن کو مقہور کرنے کیلئے اس اسم کو اس کا کامل تصور باندھ کر بعد نماز عشاء دم کرے اور اس نقش کے نیچے نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے۔ اگر کسی کی نکاح بندی کی ہو تو اس اسم کو روزانہ بعد نماز عشاء مصلے پر بیٹھ کر حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور اس نقش کو اپنے الٹے بازو پر باندھے۔ تمام رکاوٹوں کے خاتمے کیلئے اس اسم کو کھلا ورد کیا جائے۔

و	ا	س	ع
ع	و	س	ا
ا	ع	س	و
و	ا	س	ع

الحکیم

(بڑی حکمت والا) حروف ابجد (78) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-HAKEEM'O.The All-wise.Who has Wisdom in all Orders and Actions

اگر کسی کو مرض سوداوی ہو تو اس نقش کو دو عدد لکھے ایک کو پانی میں گھول کر پلائے اور ایک کو مریض کے گلے میں پہنائے اللہ کے حکم سے اس کا مرض ختم ہوگا۔ اگر کوئی اس اسم کا بکثرت ورد کریگا تو اس کا مرتبہ اللہ اونچا کریگا اور اسے دنیا میں کسی بھی شے کی کوئی حاجت مطلوب نہیں ہوگی۔ روحانی وجسمانی امراض کے خاتمے کیلئے اس اسم کو روزانہ نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر سادے پانی پر دم کر کے پیے اور اس نقش کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے کوئی بھی بیماری نہیں ہوگی اور اگر کسی بیماری میں مبتلا ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی ویسے ہی اس نقش کو اپنے گلے میں باندھے تو کوئی بھی بیماری اپنا اثر نہیں دکھائے گی اگر کوئی ہمیشہ بیماریوں یا مختلف قسم کے امراض سے محفوظ رہنا چاہتا ہو اور اللہ کی پناہ میں رہنا ہو تو اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھ کر اپنے پورے جسم پر دم کرلیا کرے اللہ کے حکم سے کوئی بھی بیماری یا مرض اپنا اثر ہرگز نہیں دکھائیگی لاعلاج امراض کے خاتمے کیلئے اس اسم کو بکثرت ورد کیا جائے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھا جائے لاعلاج امراض سے شفاء ہوگی۔ انشاءاللہ

م	ی	ک	ح
ک	ی	ح	م
ح	ی	م	ک
م	ی	ک	ح

الودود

(بڑا محبت کرنے والا) حروف ابجد (20) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-WADOOD'O.The All-loving.He Loves those who do good and Bestows upon them His compassion.He is the only Who should be loved and his friendship is to be earned

اس اسم کا ورد کرنے والا خاص اللہ کی حفاظت میں رہتا ہے اور اس پر دشمن کی طرف سے رزق کے معاملے میں بند دروازے کھل جاتے ہیں اگر کسی کا گھر یا دوکان کسی بھی طور پر بندھ گیا ہو یا اس پر کسی نے کوئی جادو کروادیا ہو تو ہر طرح سے حفاظت کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر چوکھٹ کے اوپر لگائے اور اسے گھر یا دوکان پر بکثرت پڑھ کر کونوں میں دم کرے۔ ہر بلاء کا خاتمہ ہوگا۔ اگر میاں بیوی آپس میں بہت جھگڑتے ہوں اور صلح نہ کرتے ہوں یا دونوں میں سے کوئی بھی بلاوجہ ہر وقت ناراض رہتا ہو تو اس اسم کو حلوہ پکا کر اس پر چھری سے اکیس مرتبہ اس اسم کو لکھے اور اس حلوے کو دونوں کھائیں اور اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے میٹھی شے میں استعمال کریں اللہ کے حکم سے سلوک واتفاق قائم ہوگا اور یہ صلح صفائی سے رہیں گے۔ میاں بیوی کی باہمی نفرت کے خاتمے اور بدعملیات کے اثر سے محفوظ اور اپنے گھر میں ہر وقت سکون کی فضاء قائم کرنے کیلئے اس اسم کو بعد نماز عصر پانچ سو مرتبہ پڑھا جائے اور پانی پر دم کر کے پیا جائے۔

د	و	د	و
د	و	و	د
و	و	د	د
د	و	د	و

المجید

(بڑی بزرگی والا) حروف ابجد (57) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-MAJEED'O.The All-Glorious,Most Venerable

اگر کوئی کسی سے جائز محبت کرتا ہو تو اس نقش کو اپنے محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھے اور اسے وہ پانی پلائے اللہ کے حکم سے جب مرے گا تب ہی جان چھوڑے گا لیکن اس عمل کو جائز جگہ استعمال کرے ورنہ گناہ اور عذاب میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے۔ اس اسم کو دشمن کو مغلوب کرنے کی خاطر پڑھے اور تصور باندھ کر دم کرے اور اس نقش کو دشمن کا نام لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے۔ دشمن کا ہر وار خالی جائیگا۔ اگر کسی کو سایہ کی شکایت ہو تو سرسوں کے تیل پر اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں بعد نماز فجر پڑھ کر دم کرے اور اس تیل کو مریض کے کانوں میں ڈالے اور اس نقش کے نیچے نام مریض مع والدہ لکھ کر اسے گلے میں پہنائے سائے کا مرض دور ہوگا۔ اگر کسی کے سر درد ہوتا ہو اور کسی بھی دوا سے علاج نہ ہوتا ہو تو چاند کی تاریخ کے آخری دن اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور مریض اسے اپنے سر پر باندھے اور بعد اس عمل کے اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر اپنے ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کرے اور اسے اپنی کنپٹیوں پر کچھ دیر کیلئے مالش کرنے سر درد کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ دنیا میں واضح مقام حاصل کرنے اور اللہ کے ہاں مستجاب الدعا بننے کیلئے اس اسم کو کھلا ورد کیا جائے۔

م	ج	ی	د
د	م	ی	ج
ج	د	ی	م
م	ج	ی	د

الباعث

(مردوں کو زندہ کرنے والا) حروف ابجد (573) (مزاج مشترک، عنصر آتشی)

AL-BAAIS'O.The Resurrector of the Dead Who will give life again to all Creatures the day of Judgement

اگر کسی افسر کے دل میں اپنی جگہ بنانی ہو تو اس اسم مبارک کو روزانہ بعد نماز ظہر اس افسر کا مکمل تصور باندھ کر دم کر دیا کرے اور اس نقش کے نیچے نام افسر مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے افسر اس شخص کی قدر و منزلت جانے گا اور اس کے ساتھ صلہ رحمی کے ساتھ پیش آئیگا۔ اگر اپنے محبوب سے جائز معاملے میں اس کے دل میں مقام پیدا کرنا ہو تو دونوں صورتوں میں تصور باندھ کر اسم کو پڑھ کر محبوب کی طرف دم کر دیا کرے اور اس نقش کو کسی میٹھی شے میں ملا کر پلائے اس عمل کی بدولت محبوب کے دل میں طالب کی محبت زیادہ ہوگی۔ دنیاوی کاموں میں اللہ کی مدد اور انسانوں کے وسیلہ بنانے کیلئے اس اسم کو باوضو حالت میں کھلا ورد کیا کرے اور اس نقش کو اپنے متعلقہ مقصد کے حساب سے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے دنیاوی تمام کاموں میں اللہ کی رحمت حاصل ہوگی اور ایسے افراد دنیاوی کاموں میں وسیلہ بن جائیں گے کہ یقین نہیں آئیگا۔ درد چشم کے تمام امراض کے خاتمے کیلئے گلاب کے پھول پر اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اس پھول کو پانی میں ڈال کر اس پانی سے اپنی آنکھوں کو دھوئے تمام امراض کا خاتمہ ہوگا۔

ب	ا	ع	ث
ث	ب	ع	ا
ا	ث	ع	ب
ب	ا	ع	ث

الشہید

(حاضر وناظر)حروف ابجد(319)(مزاج مشترک،عنصر بادی)

ASH-SHAHEED'O.The Witness,The Omnipresent

یہ اسم ہر طرح کی بندش کو کھولنے اور رزق کو وسیع کرنے کی خاطر ہر فرض نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھنے کا معمول بنالے اور اس نقش کو بندش دور کرنے کی نیت سے زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور اپنے کاروباری مقام پر شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر لگائے ہر بلاء و آفت کا خاتمہ ہوگا اور کسی بھی بدعمل کا اثر ہرگز نہیں ہوگا۔ اگر کوئی فرد کسی بھی مقدمے میں مبتلا ہو اور گواہ ناجائز طور پر گواہی دے کر کسی شریف انسان کو پھنسانا چاہتے ہوں تو وہ فرد اس اسم کو ان گواہوں کا تصور باندھ کر پڑھے اور اسی نیت سے اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھے اور اس کے نیچے اپنے مخالفین کے نام لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کی مدد شامل ہوگی اور جو کوئی بھی غیر انسانی سلوک کرنا چاہتا ہوگا اللہ اس کو عذاب میں مبتلا کریگا اور اللہ کے حکم سے گواہی ناجائز ہونے کی صورت میں مخالفین کے منہ بندھ جائیں گے اور وہ کبھی بھی ناجائز گواہی نہیں دے سکیں گے اگر کسی پر شیطان اپنی حکومت کرتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر دو عدد لکھے ایک کو پانی میں ڈال کر پانی پئے اور دوسرے کو گلے میں باندھے۔

ش	ہ	ی	د
د	ش	ی	ہ
ہ	د	ی	ش
ش	ہ	ی	د

الحق

(برحق وبرقرار)حروف ابجد(108)(مزاج مشترک،عنصر آتشی)

AL-HAQQ'O.The Truth,Whose Existence is Undying

اگر کوئی ہر دعا سے پہلے اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے اور دعا کرے تو اللہ کے حضور ضرور کامیاب ہوگی اگر کوئی کسی بھی مرض میں مبتلا ہو تو اس نقش کو نام مریض مع والدہ زعفران سے لکھے اور گلاب کے عرق میں ڈال کر اس عرق کو روزانہ صبح نہار منہ پلائے اللہ کے حکم سے جو بھی مرض ہوگا وہ کھل کر سامنے آئیگا یا مریض کو جو بھی مرض ہوگا وہ دور ہوگا۔ اس اسم مبارک کی بدولت قلب بیدار ہوتا ہے اور دل اللہ اللہ پڑھتا ہے اگر کسی کو ذکر کرنے کا شوق ہو اور وہ چاہے کہ اس کا دل اللہ اللہ پکارے تو اس اسم کو کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر جا کر روزانہ کھلی تعداد میں اپنے دل کے مقام کی طرف توجہ دیکر پڑھے اس کے قلب میں نور پیدا ہوگا اگر کسی مزار پر نہ جانا چاہے تو گھر میں کسی بھی پاک وصاف مقام پر خود پاک وصاف حالت میں اس عمل کو کرلے اللہ ضرور کامیابی نصیب فرمائیگا اور دل اللہ اللہ پڑھے گا۔ اسی اسم کی بدولت بعض افراد کو اللہ کا دیدار بھی نصیب ہوا ہے۔ اگر کوئی دیدار الٰہی کا شائق ہو تو بوقت تہجد کھلا اللہ کے نور کا تصور باندھ کر اور مراقبہ کی شکل میں اس اسم مبارک کا ورد کرے۔ اگر اس اسم کے ساتھ اللہ کا اضافہ کردے تو زیادہ اثرات وخواص پیدا ہونگے۔ مثلاً (حق اللہ)

ح	ق
ق	ح
ح	ق

الوکیل

(بڑا کارساز) حروف ابجد (66) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-WAKEEL'O.The Provident.The Trustee.Who Provides means to solve all the Problems in a best way

اس اسم کے پڑھنے والے کو اللہ کا قرب حاصل ہوتا ہے اور لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت اور مقام بڑھتا ہے اس اسم کو پڑھنے والے کی دعائیں اللہ پوری کرتا ہے اور اسے ہر مصیبت اور دکھ سے دور رکھتا ہے اگر دو دشمنوں میں صلح کروانی ہو تو اس نقش کو اسی نیت سے سرخ روشنائی سے لکھے اور دونوں کے نام مع والدہ لکھے اور اسے پانی میں ڈال کر اس کا پانی انہیں پلائے اللہ کے حکم سے اگر جانی دشمن بھی بن گئے ہونگے تو صلح کریں گے۔ اس اسم کو ہر طرح کے خوف کو دور کرنے کیلئے ورد کرے اور اسے کامل تنہائی میں پڑھے اور اس کے نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ اس سے ہر قسم کے خوف کو دور فرمائے گا اگر کوئی بچہ ناجائز ضد کرتا ہو یا روتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ بچے کے گلے میں باندھا جائے اور اس اسم کو اس پر پڑھ کر دم کیا جائے بچہ اپنی ناجائز حرکات ترک کر دیگا۔ اپنی بات میں سچائی اور دوسروں پر غلبہ پیدا کرنے کیلئے اس اسم کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھے۔ دنیا میں مختلف افراد کو اپنا وسیلہ بنانے کیلئے اس اسم کا کھلا ورد کرے۔

ل	ی	ک	و
ک	ی	و	ل
و	ی	ل	ک
ل	ی	ک	و

القوی

(بڑی طاقت و قوت والا) حروف ابجد (116) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-QAVI'O.The Almighty,Most Strong

حصول رزق و ترقی کاروبار کیلئے اس اسم کا ورد کرنا کاروبار کو وسیع کرتا ہے اگر کوئی عہدے سے معزول ہو گیا ہو یا ملازمت میں دوسرے شیطان صفت افراد رکاوٹیں پیدا کرتے ہوں تو اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور پیچھے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے معزول افراد بحال ہونگے اور شیطان صفت افراد کی زبان اس شخص کے حق میں بند ہو جائیگی۔ صاحب اقتدار بننے کیلئے اس اسم کا بکثرت ورد کرے اور اس نقش کو اپنے سیدھے بازو پر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر باندھے دوسرے تمام افراد میں اس کی قدر و منزلت ہوگی۔ اس اسم کی بدولت بڑے سے بڑے دشمن پر قابو پایا جا سکتا ہے اور اس کا ورد کر کے دشمن کو زیر کیا جا سکتا ہے لیکن دونوں صورتوں میں دشمن کو ناجائز ہونا چاہئے کہیں یہ نہ ہو کہ دشمن کوئی شریف انسان ہو اور کوئی شر پسند فرد اس ورد کی بدولت اس کو زیر کرتے ہوئے اس کا نقصان کرے اگر کوئی اس طرح کا ارادہ رکھے گا تو خود اللہ کے عذاب میں گرفتار ہوگا اس لئے عمل کوئی بھی ہو جائز استعمال کرنا چاہئے تا کہ کامیابی ہو۔ اس نقش کو جو کوئی بھی بد اعمال یا دشمنوں سے حفاظت میں رکھنے کیلئے استعمال کریگا اللہ اسے غالب فرمائیگا۔

ی	و	ق
و	ق	ی
ق	ی	و
ی	و	ق

المتین

(انتہائی مضبوط و مستحکم) حروف ابجد (500) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-MATEEN'O.The Invincible,The Firm One

ہر قسم کی پریشانی اور بے چینی کو دور کرنے کیلئے اسی اسم کو حروف ابجد کی تعداد کے مطابق ہر نماز کے بعد کامل یکسوئی کے ساتھ پڑھ کر اللہ سے دعا مانگے اللہ کے حکم سے جائز دعا قبول ہوگی اور جس پریشانی یا بے چینی کے متعلق معلوم نہیں ہوگا اس کا کامل علاج ہوگا۔ اگر کوئی اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگائے گا تو اس گھر میں برکت ہوگی اگر کسی کا پڑھائی کے شعبہ سے تعلق ہو اور اسے پڑھا لکھا یاد نہ رہتا ہو تو اس نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں پہنے اور ایک عدد کو صبح نہار منہ پانی میں استعمال کرے اللہ کے حکم سے جو کچھ بھی یاد کریگا وہ یاد ہوگا۔ اگر کوئی بچہ یا بڑا کسی بھی بیماری کا شکار ہوتے ہوئے چلنے پھرنے سے معذور ہو گیا ہو اور اس کا جسم سوکھے پن کا شکار ہو تو اس اسم کو سرسوں کے تیل پر روزانہ سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس تیل کی مالش کرے اور ایک عدد نقش کو زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے اللہ کے فضل سے جسم کی کمزوری کا خاتمہ ہوگا اور صحتمند ہوگا اگر کسی کا دشمن کسی کو بلاوجہ پریشان کرتا ہو تو اس کو اللہ کے عذاب میں مبتلا کرنے کیلئے اس اسم کو تصور باندھ کر پڑھے دشمن زیر ہوگا۔

م	ت	ی	ن
ن	م	ی	ت
ت	ن	ی	م
م	ت	ی	ن

الولی

(مددگار اور حمایتی) حروف ابجد (46) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-WALI'O.The Patron Protecting Friend

اگر کوئی خفیہ علوم میں اپنی ترقی چاہتا ہو یا اسے روحانی مخفی علوم سیکھنے کا شوق ہو تو اس اسم کو بکثرت پڑھے اور پڑھنے کا وقت بعد نماز عشاء رکھے روحانی راستے کھل جائینگے۔ اگر مرد و زن کی آپس میں ناچاقی ہو اور ان کی صلح نہ ہو رہی ہو تو اس اسم کو پانی پر دم کر کے پلائے اور اس نقش کو اپنے مرد یا عورت کا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے ان کا آپس میں اتفاق ہوگا۔ اگر کوئی زن و شوہر آپس میں اتفاق سے نہ رہتے ہوں تو ایک کاغذ کے ٹکڑے کے چاروں کونوں پر اسی اسم کو لکھے اور اس کے درمیان اپنا نام مع والدہ اور شوہر کا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور اس نقش کو ہر طرح کی محبت قائم کرنے کیلئے زعفران سے لکھ کر استعمال میں لائے اللہ کی مدد سے کامیابی ہوگی۔ اگر کوئی اس اسم کو اپنے محبوب یا شوہر کا تصور باندھ کر پڑھے تو وہ صلہ رحمی سے پیش آئیگا۔ اگر کوئی اپنے محبوب سے شادی کرنا چاہتا ہو لیکن اس کے درمیان بہت سی رکاوٹیں ہوں تو اس نقش کو بروز جمعرات بعد نماز فجر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور نیچے اپنا نام مع والدہ اور محبوب کا نام مع والدہ لکھ کر پھلدار درخت پر لٹکائے اور خود اس کا تصور باندھ کر اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے۔

و	ل	ی
ی	و	ل
ل	ی	و
و	ل	ی

الحمید

(تعریف کے لائق) حروف ابجد (62) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-HAMEED'O.The Praiseworthy.All the Creatures are Grateful to Him

اس کا زیادہ ذکر کرنے والے پر اللہ اپنی خاص رحمت برساتا ہے اور اس اسم کے ذریعے حق اور باطل میں صاف فرق ظاہر ہوتا ہے اس کا نقش جو کوئی بھی سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے اسے کسی بھی شے کی کوئی کمی نہیں رہیگی اور اسے اللہ کا قرب حاصل ہوگا۔ اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہو رہی ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اکیس دنوں تک علیحدہ نقش پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیئے اور اس نقش کے کاغذ کو نگل جائے اسی طرح اکیس روز کرے اللہ کے حکم سے صاحب اولاد ہوگا۔ اور اس اسم کا ورد کر کے اپنے اوپر دم کرے۔ اگر کوئی نشے کا عادی ہو اور اپنی بری حرکات ترک نہ کرتا ہو تو اس اسم کو مقصد کی کامیابی حاصل ہونے تک روزانہ اس فرد کا کامل تصور باندھ کر ایک ٹانگ پر دو ہزار مرتبہ پڑھے اور اس نقش کو پانی میں گھول کر پلائے اور ایک کو تانبے کی تختی پر کندہ کروا کر اس کے گلے میں باندھے اس کی بدولت وہ نشے سے خود نفرت کرنے لگے گا اور اس کی بری عادات ترک ہونگی اگر کوئی ویسے ہی بری حرکات میں مبتلا ہو تو اس عمل کو کیا جائے اور نقوش کو بھی مذکورہ طریقے کے مطابق استعمال کرے کامیابی ہوگی۔

د	ی	م	ح
م	ی	ح	د
ح	ی	د	م
د	ی	م	ح

المحصی

(اپنے علم اور شمار میں رکھنے والا) حروف ابجد (148) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-MOHSI'O.The Reckoner,The Keeper of Counts

اگر کوئی کسی بھی مشکل میں گرفتار ہو اور لاکھ کوششوں کی باوجود بھی کوئی راستہ نہ نکلتا ہو تو اسم مبارک کو ہر فرض نماز کے بعد ایک ہزار کی تعداد میں پڑھے۔ اگر کسی کی قوت حافظہ کمزور ہو اور جو کچھ بھی یاد کرتا ہو وہ بھول جاتا ہو تو اپنے ذہن کو ہر وقت چست رکھنے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ایک کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیئے اور ایک کو گلے میں باندھے اللہ کے فضل سے جو کچھ بھی یاد کریگا وہ نہیں بھولے گا اور یاد داشت زیادہ تیز ہوگی۔ اس اسم کو جو کوئی بھی عشق الہیٰ کو حاصل کرنے کیلئے صبح و شام ورد کریگا۔ اللہ اسے اپنا خاص قرب عطا کریگا۔ اس اسم کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کو دل کرتا ہے اور برے کاموں سے نفرت ہوتی ہے۔ صاحب کشف بننے کیلئے اس اسم کو روزانہ سونے سے پہلے ہر مرتبہ اپنے دل پر ضرب مار کر پڑھے اللہ تعالیٰ اسے کشف کی دولت سے نوازے گا۔ اگر اس نقش کو کسی بھی نیک مقصد کا تصور باندھ کر زعفران سے لکھے اور گلے میں باندھے تو جس مقصد کیلئے نقش کو لکھا جائیگا وہ ضرور پورا ہوگا۔

ی	ص	ح	م
ح	ص	م	ی
م	ص	ی	ح
ی	ص	ح	م

المبدی

(پہلی بار پیدا کرنے والا) حروف ابجد (56) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-MUBDI'O.The Originator

اگر کوئی بھی کسی بھی روحانی یا جسمانی مرض میں مبتلا ہو تو اس اسم کو زیتون کے تیل پر دم کر کے اپنے جسم کی مالش کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر اس کا پانی پئے اللہ کے حکم سے جو بھی جسمانی و روحانی مرض ہو گا وہ دور ہو گا اور اللہ شفائے کاملہ نصیب کریگا۔ اگر کوئی فرد ترقی کرنے کی بجائے دن بدن پستی کا شکار ہوتے ہوئے تباہ ہو رہا ہو تو اس اسم کو مسجد میں ہر فرض نماز کے بعد ایک سو کی تعداد میں پڑھے اور اللہ سے اپنی خصوصی دعا مانگے اور کسی کمزور فرد کی مدد کرے اللہ تعالیٰ کرم فرمائے گا پھر اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور اس کا ورد رات کو سونے سے پہلے پھر کرے اللہ اس ورد کی بدولت سختیاں دور فرمائیگا اور اپنی رحمت برسائے گا۔ اگر کسی کو مناسب رشتہ نہ ملتا ہو یا اس کے دل کی حاجت نہ پوری ہو تو اس اسم کو علیحدہ پاک و صاف جگہ پر باوضو حالت میں (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے اور اپنے کام کا مکمل تصور باندھے اللہ کے فضل سے اس کام کے غیب سے وسائل بنیں گے اور کسی اچھی جگہ رشتہ ضرور طے پا جائیگا۔ اور دل کی خواہش پوری ہو گی۔

ی	د	ب	م
ب	د	م	ی
م	د	ی	ب
ی	د	ب	م

المعید

(دوبارہ پیدا کرنے والا) حروف ابجد (124) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-MOEED'O.One Who has the Power to Create Again

اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد اسی تعداد میں پڑھے تو اسے دنیا میں کسی بھی شے کی کوئی حاجت نہیں رہیگی اگر کمزوری کے باعث چلنے پھرنے سے معذور ہو گیا ہو تو اس نقش کو سرسوں کے تیل میں ڈال کر اس کی مالش جسم پر کرے اور ایک عدد پانی میں گھول کر پئے اور ایک کو اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے مرض ختم ہو گا اور صحت ہوگی۔ اگر کسی کی کوئی قیمتی شے گم جائے اور واپس نہ ملتی ہو تو اس اسم کو چیز نہ ملنے تک جاری رکھے اور ہر نماز کے بعد اسی اسم کو پڑھ کر اللہ سے دعا کرے اور اس نقش کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر لکھے اور اسے پنکھے کے ساتھ باندھ دے اللہ کوئی ایسا وسیلہ ضرور بنا دیگا جس سے گمشدہ چیز مل جائے۔ مفرور اگر لوٹ کر واپس آجائے تو اس نقش کے پیچھے مقصد کو لکھ کر مفرور کے گلے میں باندھے دوبارہ مفرور نہیں ہو گا۔ اگر کوئی کسی سخت قسم کی مصیبت میں پھنس گیا ہو تو اس اسم کو روزانہ چالیس دنوں تک (۱۵۴۸) مرتبہ پڑھے سونے سے پہلے پڑھے تو اس کی تمام مشکلات آسان ہو جائیں گی اور جس کسی سے کوئی کام ہو گا وہ فوراً کر دیگا۔

د	ی	ع	م
ع	ی	م	د
م	ی	د	ع
د	ی	ع	م

المحی

(زندگی دینے والا) حروف ابجد (58) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-MOHY'O.The Giver of Life

اگر اس نقش کو بچے کے گلے میں پہنادیں تو بچہ ہر طرح کی روحانی اور جسمانی تکالیف سے ہمیشہ کیلئے محفوظ ہوجاتا ہے اگر کسی کا خاوند یا عورت بدزبانی کرتا ہو یا کوئی بچہ ناجائز ضد یا بدتمیزی کرتا ہو تو ان تمام مقاصد کی خاطر اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اس کے پیچھے جس کیلئے نقش کو کیا جارہا ہے نام مع والدہ لکھ کر میٹھے پانی میں گھول کر پلائے اللہ کے حکم سے جو بھی بدتمیزی کرتا ہوگا وہ نہیں کریگا اور گا ہے بگا ہے اس پر اسی اسم کو پڑھ کر دم بھی کرتا رہے اللہ فضل فرمائیگا۔ ہر مرض کو دور کرنے کیلئے اس اسم کو کھلا پڑھے اور اپنے جسم پر دم کرے اور اس نقش کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر لکھے اور بازو پر باندھے اللہ تعالیٰ تمام جسمانی تکالیف کو دور فرمائیگا اگر کوئی جادو ٹونہ میں مبتلا ہو تو اس کے نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو گلاب کے عرق میں ڈال کر پیے اور ایک کو گلے میں باندھے جادو ٹونے کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی دن بدن کمزور ہوتا جارہا ہو تو اس نقش کو لکھ کر پلائے بھی اور اسے گلے میں بھی باندھے۔ دنیا اور آخرت میں اسے سعادت حاصل ہوگی اگر کوئی قید میں پھنس گیا ہو تو اس اسم کا ورد کرے اس کی بدولت وہ ناجائز ہونے کی صورت قید سے رہا ہوگا۔

م	ح	ی
ی	م	ح
ح	ی	م
م	ح	ی

الممیت

(موت دینے والا) حروف ابجد (490) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-MUMEET'O.The Giver of Death

اگر کوئی تنہائی میں باوضو حالت میں اس کا بکثرت ورد کرے تو اللہ سے جو بھی دعا مانگے گا وہ ضرور قبول ہوگی۔ اگر کسی کی بری عادات کو چھڑوانا ہو تو نقش کو میٹھے پانی میں گھول کر پلائے۔ اگر کسی پر ایسا سخت جادو کیا ہو جس کا توڑ نہ مل رہا ہو تو اس اسم کو عجوہ کی کھجور پر دم کر کے کھائے اور اس اسم کو روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور اس نقش کو گلے میں باندھے جادو کا خاتمہ ہوگا۔ اگر ہو سکے تو اس اسم کو زعفران سے سات مرتبہ لکھے اور ہر کھجور کی گٹھلی نکال کر اس میں رکھ کر کھلائے۔ اس اسم کو جو کوئی بھی دولت عزت اور غلبہ حاصل کرنے کیلئے ورد کریگا۔ تو اسے ان مقاصد میں ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ اور اس کا ورد کرنے والے کو جو کوئی بھی دیکھے گا وہ عزت سے پیش آئیگا اور اس کا دوسرے افراد پر غلبہ ہوگا۔ جس کسی کے سامنے جو کچھ بولے گا وہ غور سے سنے گا اور ضرورت پوری کردیگا۔ لیکن اس عمل کو ہمیشہ جائز جگہ استعمال کرے۔ دشمنان اسلام کو اللہ کے عذاب میں مبتلا کرنے کیلئے اس اسم کو تصور باندھ کر دم کرے۔

م	م	ی	ت
ت	م	ی	م
م	ت	ی	م
م	م	ی	ت

الحی

(ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا) حروف ابجد (18) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-HAYE'O.The Everlasting.The Alive

اس اسم کا بے پناہ ورد کرنا مستجاب الدعا کرتا ہے پھر اللہ سے جو بھی دعا مانگی جاتی ہے وہ ضرور پوری ہوتی ہے۔ اگر کسی کی عقل وفہم جواب دے گئی ہو تو اس اسم کو گلاب کے عرق پر دم کر کے پلائے اور اس کے نقش کو گلے میں پہنائے اللہ کے حکم سے عقل تیز ہوگی اگر کسی کو بھولنے کی بیماری ہو تو اس کے نقش کو چاندی کے پترے پر کندہ کروا کر اسے موڑ کر گلے میں پہنے۔ اللہ تعالیٰ کی خاص حفاظت میں رہنے اور جادو سے ہمیشہ بچنے کیلئے اس اسم کو کھلا پڑھنا چاہئے اور اس کے نقش کو گلے میں باندھنا چاہئے جو کوئی بھی اس کے ورد کو ساری زندگی کرتا رہیگا وہ کبھی بھی روحانی یا جسمانی تکالیف میں مبتلا نہیں ہوگا اور اس پر جو کوئی بھی جادو کرنے کی نیت کرے گا وہ الٹا خود اس میں مبتلا ہوگا۔ اس کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں مختصر کہ ہر اچھے کام کو پورا کروانے کیلئے اس اسم کا کھلا ورد کیا جائے۔ حسد بغض کینہ لالچ نفس پرستی خود غرضی غصہ بخل تکبر اور اس سے مناسبت رکھنی والی تمام عادات کو ترک کرنے اور اللہ کی خاص مدد حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو روزانہ بعد نماز فجر (۴۵۶۷) مرتبہ ورد کرے اور اللہ سے اپنے مقاصد کی دعا کرے اللہ اس فرد کو ایمان کی دولت سے نوازے گا۔

ی	ح
ح	ی
ی	ح

القیوم

(قائم رکھنے اور سنبھالنے والا) حروف ابجد (156) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-QAYYUM'O.The Sustainer of Life.The Self-Subsisting

اگر کسی کی کوئی شے چور چرا کر لیجائے تو اس کی صحیح سلامت واپسی کیلئے اس اسم کو ورد کرے اور اس نقش کو دو عدد لکھ کر ایک کو ہوا میں لٹکائے اور دوسرے کو اپنے گلے میں پہنے اللہ کے حکم سے چور جہاں بھی ہوگا وہاں سے ایک قدم بھی آگے نہیں جا سکے گا۔ مال واپس آئیگا۔ اگر کسی نے اپنی حکومت قائم کرنی ہو وہ اس اسم کو پڑھ کر اللہ سے اپنی دعا کیا کرے۔ اس اسم مبارک کے بھی بہت سے خواص ہیں اب جو کوئی بھی انہیں ورد کی شکل میں کریگا وہ اس کے اثرات خود دیکھ لے گا۔ بڑی سے بڑی مشکلات سے نکلنے کیلئے اس اسم کو پڑھنے سے پہلے کسی میٹھی شے کو تقسیم کرے اور اس کا ورد کرے اللہ تعالیٰ اس کی مشکل کو رفا کریگا اگر اس کے نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھا جائے تو ہر میدان میں ترقی اور فتح ہوتی ہے۔ جادو ٹونہ کو باطل کرنے کیلئے اس اسم کو مریض کے سرہانے بیٹھ کر پڑھے اور دم کرے۔ جسمانی صحت وتندرستی کیلئے اور تمام قسم کے جنات آسیب اور اس قسم کی شر افسانیوں سے محفوظ رہنے کیلئے اس اسم کا بکثرت ورد کیا جائے اللہ اپنی رحمت برساتے ہوئے اس فرد کو اس قسم کی تمام قباحتوں سے محفوظ رکھے گا۔

م	و	ی	ق
ی	و	ق	م
ق	و	م	ی
م	و	ی	ق

الواجد

(ہر چیز کا پانے والا) حروف ابجد (14) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-WAAJID'O.The Finders

اگر کوئی گھر سے ہمیشہ بھاگ جاتا ہو اور اس کی عادت چھڑوانا مقصود ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر مصری کے شربت میں گھول کر پلائے اور ایک کو اس کے گلے میں پہنائے اس کی عادت ترک ہوگی۔ اگر کوئی عزیز یا رشتہ دار کہیں بھی بھاگ گیا ہو اور اسے واپس لانا ہو تو اس کا تصور باندھ کر اس اسم کا ورد کرے اور اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر جہاں سے وہ بھاگا ہے وہاں لٹکائے اللہ کے حکم سے چند دنوں کے اندر واپس آئیگا۔ اگر کسی کا رزق تنگ ہو گیا ہو اور کوئی وجہ بھی سمجھ میں نہ آرہی ہو تو اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد پانچ سو کی تعداد میں پڑھے اور اس نقش کو کاروباری مقام پر ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے اللہ اس کے کاروبار کی ترقی کے غیب سے وسائل بنائے گا اور اس کا رزق وسیع ہوگا۔ اس نقش کو کسی بھی نیک مقصد کیلئے زعفران سے لکھ کر استعمال میں لائے اللہ اسے دنیاوی کسی بھی میدان میں شکست نہیں کھانے دیگا۔ اگر کسی عورت کا خاوند بد اخلاق ہو اور بات بات پر بدزبانی اور بدسلوکی کرتا ہو تو وہ خاتون روزانہ عشاء کی نماز کے بعد اس اسم کو (۵۰۰۰) مرتبہ پڑھے اور اس پر اکیس دنوں تک کاربند رہے اللہ کے حکم سے اس کا شوہر اور اس کے عزیز و اقارب اس سے اچھے سلوک سے پیش آئینگے۔

و	ا	ج	د
د	و	ج	ا
ا	د	ج	و
و	ا	ج	د

الماجد

(بزرگی اور بڑائی والا) حروف ابجد (48) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-MAAJID'O.The All-Excellent and One with Veneration

اس اسم کو ورد کرنے والے پر معرفت کے دروازے کھلتے ہیں اور دل کو سکون حاصل ہوتا ہے اگر کوئی دل کے عارضوں کا شکار ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے دل کے مقام پر باندھے۔ اگر کسی فرد کو ہر وقت کوئی رسوا و ذلیل کرتا ہو اور اس کی قدر نہ کرتا ہو تو اس اسم کو اپنے مقصد کا تسور باندھ کر پڑھے اور اس نقش کو اپنے مقصد کی نیت باندھ کر لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کی مدد اس فرد کے ساتھ ہوگی اور جو کوئی بھی اس کا مذاق اڑانے والے افراد ہونگے وہ سرنگوں ہونگے۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو روحانی ترقی حاصل کرنے کیلئے بے پناہ ورد کرے تو اس اسم مبارک کی بدولت اللہ اس شخص کو اپنا قرب عطا کریگا اور اس کی روحانی ترقی میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ اسکے علاوہ اس کے بہت سے فوائد ہیں۔ اس اسم کا جو کوئی بھی ورد کریگا اس کی عزت و کاروبار میں اضافہ ہوگا اور محتاجی کا خاتمہ ہوگا اگر کوئی روزانہ اس اسم کو بعد نماز فجر پانچ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور اس نقش کو دو عدد لکھ کر ایک کو اپنے کاروباری مقام پر لگائے اور ایک کو اپنا نام لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے تو اس کی برکت سے کوئی بھی رکاوٹ یا بندش نہیں ہوگی اور اس اللہ اس شخص کا مقام بلند فرمائیگا۔

م	ا	ج	د
د	م	ج	ا
ا	د	ج	م
م	ا	ج	د

الواحد

(بے مثال،اکیلا) حروف ابجد (19) (مزاج مشترک،عنصر بادی)

AL-WAAHID'O.The One,The Unique

ہرنماز کے بعد بکثرت اس اسم کا ذکر کرنے والے کی دوسرے افراد بے حد عزت کرتے ہیں اور قدر کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں اس کا نقش اگر چاندی کی تختی پر مع اس اسم مبارک کے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے تو اللہ کے حکم سے تمام دنیاوی ضروریات پوری ہوتی رہتی ہیں۔اگر کوئی بدکاری کرتا ہو اور اپنی عادات کو ترک کرنا چاہتا ہو لیکن شیطان اسے کوئی موقع نہ دے تو اس اسم کو رات کو تنہائی کے مقام پر پڑھے اور اس نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ اسے ضرور موقع دیگا جس سے اس کی اصلاح ہو جائے اور وہ بدکاری کو ترک کریگا اگر پھر بھی کوئی افاقہ نہ ہو تو اس اسم کو نمک پر پڑھ کر دم کرے اور اسے کھانے والی شے میں ملا کر کھائے اللہ ضرور شفاء فرمائیگا اور اس کی عادات سدھر جائینگی۔اللہ تعالیٰ کا مقرب بندہ بننے کیلئے اس اسم کو اللہ تعالیٰ کے کامل نور کا تصور باندھ کر پڑھے اور اس نقش کو اپنے گلے میں باندھے اس کو اس شکل میں ورد کرنے والا ضرور اللہ کا مقرب بندہ بن جائیگا۔اگر اسی اسم کو ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے دل پر ضرب مارے تو بھی متعلقہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

و	ا	ح	د
د	و	ح	ا
ا	د	ح	و
و	ا	ح	د

الاحد

(اکیلا) حروف ابجد (13) (مزاج جمالی،عنصر آتشی)

AL-SAMAD'O.The eternal.The free from want.

حروف ابجد (200) اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ بلند کرتا ہے اور تمام قسم کی آفات وبلیات سے محفوظ رکھتا ہے اگر کسی کے گھر یا دکان میں کسی آسیب کا سایہ ہو اور کسی بھی علاج معالجے سے آرام نہ آتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے مٹی کے گھڑے میں ڈال کر اس کا چھڑکاؤ کرے۔اس اسم کو وہ افراد زیادہ پڑھیں جن کا تعلق لوگوں کے فیصلے کرنے سے ہو۔اگر کسی کی ایسی تمنا ہو جو پوری نہ ہوتی ہو تو اس اسم مبارک کو روزانہ بعد نماز عشاء ایک ٹانگ پر کھڑے ہو کر لاتعداد مرتبہ پڑھے جب تک تھک کر چور نہ ہو جائے اللہ کے حکم سے اس کی وہ مراد ضرور پوری ہوگی جس کی تمنا رکھتا ہوگا ایسے مقصد کیلئے اگر اس نقش کو بھی زعفران سے لکھ کر استعمال میں لایا جائے تو کامیابی نصیب ہوگی۔کاروبار کو فراخ اور رزق کی تنگی کو دور کرنے کیلئے اس اسم کو کھلا ورد کیا جائے اور نقش کو کاروباری مقام پر چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے۔اگر کوئی دین کا دشمن اپنے اوچھے ہتھکنڈوں سے دوسرے مسلمانوں کو پریشان کرتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اس پر اسی اسم مبارک کو چھ سو مرتبہ اپنے دشمنوں کا تصور باندھ کر دم کرے اور اسے اپنے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے دشمن جب بھی سامنے آئیگا وہ زیر ہوگا اور کوئی بھی ایسی حرکت نہیں کریگا جس سے کسی بھی قسم کے نقصان کا احتمال ہو۔

ا	ح	د
د	ح	ح
ح	د	ح
ح	ح	د

الصمد

(بے نیاز جو کسی کا محتاج نہیں) حروف ابجد (134) (مزاج جمالی، عنصر خاکی)

AL-SAMAD'O.The eternal.The free from want

کسی مریض پر اگر اس اسم کو سو مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو اللہ کے حکم سے مریض کامل صحت پائیگا اس کا نقش زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر پینے سے کامل صحت کا موجب ہے اگر کسی کو کسی دشمن نے سفلی علم کے ذریعے نامرد کر دیا ہو اور اس پر کوئی بھی روحانی علاج اثر نہ کر رہا ہو تو اس نقش کو اس فرد کا نام مع والدہ لکھ کر گلاب کے عرق میں پلائے صحت ہوگی۔ ولی اللہ بننے کیلئے اس اسم کو دریا یا نہر کے اندر ناف کے مقام تک اندر جا کر سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھے۔ اس اسم کو ورد کرنے والا اللہ کا ولی اور درویش بن سکتا ہے اس صورت میں کہ اس اسم کا ورد چلتے دریا یا نہر کے کنارے چلہ کی شکل میں کیا جائے اللہ کے فضل سے اللہ کا پاک اور صالح بندہ بن جائیگا اور اس کی زبان میں کن کا کمال پیدا ہوگا مستجاب الدعا ہوگا اور اللہ سے جس کیلئے بھی دعا یا بدعا کریگا اس کا فوری اثر ہوگا اور اسے دین کے کسی بھی کام میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی اور اللہ کا ولی بن جائیگا اگر کوئی اس کے نقش کو جادو کے توڑ کیلئے زعفران سے لکھ کر استعمال کرے تو جادو کے اثرات باطل ہونگے۔

د	م	ص
م	ص	د
ص	د	م
د	م	ص

القادر

(بڑی قدرت والا) حروف ابجد (305) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-QAADIR'O.The able He Who is able to do anything as per His will

اگر کسی کو ہر وقت نیند کا غلبہ رہتا ہو تو ایسا علم کے ذریعے بھی ہو جایا کرتا ہے کہ آدمی ہر وقت سوتا رہتا ہے اور کوئی صحیح ہونے کا راستہ نہیں ملتا ایسی صورت میں اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اس پر اسی اسم کو پانچ سو مرتبہ پڑھے اور اسے پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے اور ایک عدد اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے جس کسی بھی عمل سے ایسا کیا ہوگا وہ باطل ہوگا۔ اللہ ہر شے پر قادر ہے اس اسم کو جو کوئی بھی سچے دل سے ورد کریگا اللہ اس کے دل میں اپنا نور بھریگا اور وہ فرد مستجاب الدعا بنے گا اگر اس کے نقش کو کسی بھی نیک کام کیلئے زعفران سے لکھ کر استعمال کیا جائے تو متعلقہ کام میں کامیابی ضرور مل جاتی ہے لیکن اس کے ساتھ کامل اعتقاد ہونا شرط ہے۔ اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ ایسی طاقت بخشتا ہے کہ دنیا میں کسی کا محتاج نہیں رہتا۔ اگر کسی شخص کے بے پناہ دشمن افراد ہوں اور وہ ہر وقت نقصان کرنے سے بھی دریغ نہ کرتے ہوں تو اس اسم کو ان افراد کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے اور اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو اپنے تمام دشمنوں کے نام لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور ایک کو اپنے گھر میں خفیہ مقام پر رکھ دے دشمنوں سرنگوں ہونگے۔ اگر کسی کی ناجائز زبان چلتی ہو تو اسی اسم کو اس کا تصور باندھ کر پڑھے۔

ر	د	ا	ق
ا	د	ق	ر
ق	د	ر	ا
ر	د	ا	ق

المقتدر

(بڑی قدرت والا) حروف ابجد (744) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-MUQTADIR'O.The most powerful authority

اگر کوئی اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کا دل خود بخود سخاوت کی جانب مائل ہوگا اور اللہ اسے زیادہ سے زیادہ نعمتیں عطا کریگا۔ اگر کوئی بھی مشکل شے مشکل کام ہو اور اس کے سو فیصدی ناممکن انکاری کی صورت بن جائے تو اللہ کی کامل طاقت پر اعتبار رکھتے ہوئے اس اسم کا ورد کرے اور روزانہ اس اسم کو پانچ ہزار کی تعداد میں پڑھے اور اس کے نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کی مدد شامل ہوگی اور جو کوئی بھی ناممکن کام ہوگا وہ ایسے ممکن بن جائیگا جیسے کوئی مشکل نہیں تھی تمام عملیات میں اعتقاد کی درستگی لازم ہوتی ہے۔ اگر اعتقاد سچا نہ ہو تو ہوتا ہوا کام بھی نہیں ہوتا۔ اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھنا اللہ کا قرب حاصل کرنے کا موجب بنتا ہے اور اس کا ورد کرنے والے کے دل میں خشوع و خضوع جیسی خاصیت پیدا ہوتی ہے جس کو ہر کوئی فرد ترستا ہے۔

م	ق	ت	د	ر
ر	م	د	ق	ت
ت	ر	ق	م	د
د	ت	م	ر	ق
ق	د	ر	ت	م
م	ق	ت	د	ر

المقدم

(آگے بڑھانے والا) حروف ابجد (184) (مزاج مشترک، عنصر آتشی)

AL-MOQADDIM'O.The Expediter

اس اسم کی بدولت دین و دنیا میں بزرگی، عزت اور مرتبہ حاصل کرنے کیلئے ہر روز فرض نماز فجر کے بعد ایک ہزار کی تعداد میں پڑھے اگر اس نقش کا پانی کسی بیمار زدہ کو پلایا جائے تو بحکم الہیٰ وہ بالکل ٹھیک ہو جائیگا۔ ایک عدد نقش کو گلے میں بھی پہنے۔ اس اسم کی بدولت روحانی ترقی میں کمال پیدا کیا جاسکتا ہے پھر جس کام کی نیت باندھ کر اس کا ورد کیا جاتا ہے تو کام پورا ہو جاتا ہے۔ اس نقش کو بھی مقاصد میں کامیاب ہونے کیلئے زعفران سے لکھ کر استعمال میں لائے۔ اگر کوئی ایسے زن و شوہر ہوں جو اولاد جیسی نعمت سے محروم ہوں تو نوچندی جمعرات والے دن کا روزہ رکھیں اور بعد افطاری کے اس اسم کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھ کر دودھ پر دم کر کے پئیں اللہ اولاد عطا کریگا۔ اگر کوئی اپنی روحانی طاقت بڑھانا چاہے تو اسی اسم کو کسی تاریک مقام پر ورد کرے۔ اس کے اندر ایسی خاصیت ہے کہ جو کوئی بھی اس اسم کی سوا لاکھ کی زکات چالیس دنوں کے اندر ادا کرلے گا تو اس کی زبان میں ایسا اثر پیدا ہوگا کہ جس کسی کو بھی ایک مرتبہ دم کریگا اس کی بڑی سے بڑی بیماری کا اسی وقت خاتمہ ہوگا۔

م	ق	د	م
م	م	د	ق
ق	م	د	م
م	ق	د	م

الآخر

(سب کے بعد) حروف ابجد (801) (مزاج مشترک، عنصر آتشی)

AL-AAKHIR'O.The Last

اس کو ذکر کرنے والا اور اس کا ورد کرنے والا اللہ سے جو بھی مانگتا ہے اللہ اسے ضرور عنایت کرتا ہے۔ اگر کسی کا دل اللہ کی عبادت کرنے میں نہ لگتا ہو اور اس کا دل بھی چاہے لیکن شر شیطان اس کی راہ میں رکاوٹ ڈالے تو اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اور اس اسم کا بکثرت ورد کرے۔ اگر کوئی فوج یا پولیس میں ہو تو وہ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ضرور اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔ جس کے پاس یہ نقش ہوگا اس پر کوئی بھی اوزار اثر نہیں کریگا۔ اس لئے جن کا شعبہ باطل کو مٹانا ہو وہ اسے ضرور استعمال کرے۔ اگر کوئی فرد صرف اللہ کا خاص قرب حاصل کرنا چاہتا ہو اور دنیاوی خواہشات کا خاتمہ کرنا چاہتا ہو تو اس اسم کو کسی پاک وصاف مقام پر روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور سب سے آخر میں اپنے دل کے مقام پر دم کیا کرے اللہ اس عمل کی بدولت اس فرد کو اپنا محبوب بنائے گا اور جو بات بھی منہ سے نکالے گا وہ فوراً پوری ہوگی۔ اگر کوئی فرد بہت زیادہ زبان درازی کرتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر اس کے آخر پر اس کا نام مع والدہ لکھے اور پانی میں گھول کر اس کو پلائے وہ فرد اپنی زبان درازی ترک کردے گا۔

ر	خ	ا
خ	ا	ر
ا	ر	خ
ر	خ	ا

الظاہر

(ظاہر و آشکارا) حروف ابجد (1106) (مزاج مشترک، عنصر خاکی)

AL-ZAAHIRO.The Obvious

اگر کوئی بھی اسے نماز فجر کے بعد پڑھ کر اللہ سے اپنے کسی بھی مقصد کی دعا کرے تو بحکم خدا یہ دعا ضرور قبول ہوگی اگر کوئی اپنے نفس کو مطیع کرنا چاہے تو اس اسم کا ورد کر کے اپنے دل پر دم کرے۔ اللہ کا قرب اور اس کا خاص بندہ بننے اور اللہ کے مخفی اسرار کا مشاہدہ کرنے کیلئے اس اسم کو کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر روزانہ پانچ ہزار مرتبہ پڑھے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے۔ اگر کسی کے دل کی بات کا پتہ لگانا ہو تو اس اسم کو اس فرد کا تصور باندھ کر پڑھے کافی حد تک کامیابی مل سکتی ہے۔ جو کوئی بھی شخص غربت اور افلاس سے تنگ ہو اور رزق و روزی کا کوئی صحیح حل نہ مل رہا ہو تو اس اسم مبارک کو رات کو بعد نماز عشاء گیارہ سو کی تعداد میں پڑھے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے کاروباری مقام پر لگائے اور ایک کو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے رزق کے معاملے میں جو کوئی بھی رکاوٹ ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی فرد اس نقش کو رزق کو فراخ کرنے کی نیت سے تین عدد زعفران سے لکھے اور ایک کو گلے میں باندھے ایک کو کاروباری مقام پر لگائے ایک کو اپنے روپوں والی جگہ میں رکھے تو غیب سے وسائل پیدا ہونگے۔

ر	ھ	ا	ظ
ا	ھ	ظ	ر
ظ	ھ	ر	ا
ر	ھ	ا	ظ

الباطن

(پوشیدہ و پنہاں) حروف ابجد (62) (مزاج مشترک، عنصر خاکی)

AL-BAATIN'O.The Hidden

اس اسم کا بکثرت ورد کرنے والا اللہ کا محبوب بندہ بن جاتا ہے اور اس کی جو بھی دنیاوی ضروریات ہوں وہ اللہ کی مدد سے پوری ہوتی رہتی ہیں۔ اس کا نقش کسی بھی ایسے شخص کو دیا جائے جو جادو میں مبتلا ہو تو اللہ کے حکم سے اس پر ہر جادو باطل ہوگا۔ اگر کوئی روحانی طاقت میں کمال پیدا کرنا چاہتا ہو تو وہ اس اسم کو رات کو ضربی انداز میں پڑھے اور اس کی ضربیں اپنے دل پر مارے اس سے روحانی طاقت میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ اگر کسی شیطان صفت عامل کا عمل ضائع کرنا ہو تو اس اسم کو اس کا تصور باندھ کر پڑھے۔ اپنے باطن کو وسیع اور روحانی درجات میں بلندی حاصل کرنے کیلئے اس اسم مبارک کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ زبان سے کہے بغیر اپنے دل سے پڑھے اور اس بات کا مکمل تصور باندھے کہ اللہ اس کے دل میں سما رہا ہے اللہ کے فضل سے صاحب عمل اپنے وجود میں ایک عجیب سی کیفیت محسوس کریگا اور ساتھ ہی ساتھ اس کا باطن بھی وسیع ہوگا پھر جو کوئی بھی سامنے آئیگا اس کے تمام حالات دل پر وارد ہوتے جائیں گے۔

ب	ا	ط	ن
ن	ب	ط	ا
ا	ن	ط	ب
ب	ا	ط	ن

الوالی

(سرپرست و متصرف) حروف ابجد (47) (مزاج مشترک، عنصر بادی)

AL-WAALEY'O.One Who exercises responsibility Over all things

اس اسم کو پڑھنے والے کو اللہ نیک اعمال کرنے کی توفیق عطا فرماتا ہے اور شیطان اس کے پڑھنے والے سے دور رہتا ہے۔ اگر کوئی اپنے نفس کو مطیع کرنا چاہے تو اس اسم کو اپنے نام کی تعداد میں تنہائی میں پڑھے اور اس نقش کو اپنے گلے میں باندھے۔ اگر کوئی فرد کاروبار کرتا ہو اور اس کی خواہش ہو کہ اس کو کاروبار میں کبھی نقصان یا خسارہ نہ ہو تو اس اسم کو روزانہ کاروباری مقام پر پانچ سو مرتبہ باوضو حالت میں پڑھے اور اور اپنی دوکان میں دم کیا کرے اور اس نقش کو دکان میں ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے اللہ کے حکم سے کاروبار و دکان میں کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ پیدا نہیں ہوگی اور نہ ہی کوئی نقصان ہوگا۔ ہر مشکل سے مشکل کام کو آسان بنانے اور کامیاب ہونے کیلئے اس اسم کو کام شروع کرنے سے پہلے ورد کیا کرے اللہ کے حکم سے اللہ اس اسم مبارک کی بدولت اس کام کو ضرور پورا کریگا جو مشکل ترین ہوگا۔ گر کسی کا رشتہ باندھ دیا ہو اور کہیں بھی شادی نہ ہوتی ہو تو اس اسم کو رات کو گیارہ سو کی تعداد میں پڑھے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اللہ کریم ضرور رکاوٹوں کو دور کریگا۔

و	ا	ل	ی
ی	و	ل	ا
ا	ی	ل	و
و	ا	ل	ی

المتعالی

(سب سے بلند و برتر) حروف ابجد (551) (مزاج مشترک، عنصر بادی)

AL-MOTA`ALEYO.Far above the attributes of the entire creation

اگر کسی فرد کا تمام وقت ہی سفروں میں گزرتا ہو تو وہ اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے اور دوران سفر اس اسم کا ورد جاری رکھے۔ اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے پانی میں ڈال کر صبح نہار منہ پئے اور اس اسم کا ورد کر کے اپنے پیٹ پر دم کرے اللہ کے حکم سے اولاد ہوگی۔ اگر کسی کو روزانہ ہی کوئی نئی نئی مصیبتیں یا پریشانیوں کا سامنا رہتا ہو تو اس اسم مبارک کو ہر فرض نماز کے بعد اڑھائی سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالینا چاہیے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھ لینا چاہیے اللہ تعالیٰ اس عمل پاک کی بدولت کسی بھی قسم کی پریشانیوں کو اثر انداز نہیں ہونے دیگا۔ دنیا میں اپنا ایک علیحدہ مقام بنانے بزرگان دین کی باطنی توجہ حاصل کرنے اور ہر کسی کے دل پر حکومت کرنے کیلئے اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں بعد نماز عشاء ورد کیا جائے۔

م	ت	ع	ا	ل	ی
ی	م	ل	ت	ا	ع
ع	ی	ا	م	ت	ل
ل	ع	ت	ی	م	ا
ا	ل	م	ع	ی	ت
ت	ا	ی	ل	ع	م
م	ت	ع	ا	ل	ی

البر

(تمام اچھائیوں کا سرچشمہ) حروف ابجد (202) (مزاج جلالی، عنصر خاکی)

AL-BARR'O.The Fountain of all goodness

اس اسم کا نقش چاندی کی تختی پر کندہ کروا کر زبان کے نیچے رکھے تو بچہ بہت جلد بولنے لگ جائیگا۔ اگر کسی کا حافظہ کند ہو گیا ہو تو اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھے اور اس پر شہد ڈال کر صبح نہار منہ چاٹے اللہ کے حکم سے حافظہ تیز ہوگا۔ لوگوں میں عزت و توقیر حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو روزانہ بعد نماز عشاء اتنا پڑھے کہ بے حال ہو جائے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کی خاص نعمتوں و برکتوں کی اپنے اوپر بارش کروانے کیلئے اس اسم کو کھلا باوضو حالت میں پڑھنا چاہیے اس عمل کی بدولت کسی بھی قسم کا جادو ٹونہ آسیب یا کوئی بھی نقصان دہ چیز کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گی اور صاحب عمل خاص اللہ کی پناہ میں رہیگا اگر کوئی ان تکلیفوں میں مبتلا ہو تو اس اسم کو پڑھنے کے ساتھ اس نقش کو بھی زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔ اس اسم کو کوئی بھی علم کو وسیع کرنے کی نیت سے پڑھے اللہ عقل و فہم میں ترقی کریگا اور جو کوئی پڑھائی کو بھولتا ہو یا اس کو پڑھا ہوا سبق یاد نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر اس پر اسی اسم کو پانچ سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے پانی میں ڈال کر اس پانی کو روزانہ صبح نہار منہ پئے اللہ اس کے علم میں فراخی پیدا کریگا۔ اگر کوئی پڑھائی میں کند ذہنی کا شکار ہو تو اس اسم کو پانی پر دم کر کے پئے جو کچھ بھی یاد کریگا وہ یاد رہیگا۔

ب	ر
ر	ب
ب	ر

التواب

(توبہ قبول کرنے والا) حروف ابجد (409) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AT-TAWWAB'O.The Acceptor of Repentance

اگر کسی کے دل میں ایسا خوف بیٹھ جائے جو ختم نہ ہونے کے ساتھ ساتھ دن بدن بڑھتا ہی جائے تو اس نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور اس اسم کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ اگر کسی کی بینائی ضائع ہو جائے تو اس کو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس کے چھینٹے آنکھوں میں لگائے۔ تمام قسم کی جسمانی و روحانی تکالیف کو ختم کرنے کیلئے اس کا نقش استعمال کرے۔ اگر کسی فرد سے زندگی میں کوئی ایسا گناہ سرزد ہو جائے جس کا اسے رنج ہو اور اس بات کا بھی علم ہو کہ اللہ اسے معاف نہیں کریگا تو وہ اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے خصوصی دعا مانگے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کے گناہوں کو معاف فرمائے گا اس نقش کو بھی اسی مقصد کی خاطر زعفران سے لکھ کر استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ اس اسم مبارک کو خاص طور سے نشے کی عادت کو ترک کرنے کیلئے استعمال کرے مثلاً اگر کوئی نشے کا عادی ہو اور نشے کو ترک نہ کرتا ہو تو کسی مسلمان کی قبر سے تھوڑی سی مٹی لائے اس میں اس نقش کو کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اس کا نام مع والدہ لکھے جو نشہ کرتا ہے پھر پانی میں ڈال کر اس پر اسی اسم کو اس فرد کا کامل تصور باندھ کر پانچ سو مرتبہ دم کرے اور اسے پانی پلائے اللہ کے حکم سے اس عمل کی بدولت نشے کا عادی اپنے نشے کو ترک کر دیگا۔

ب	ا	و	ت
و	ا	ت	ب
ت	ا	ب	و
ب	ا	و	ت

المنتقم

(بدلہ لینے والا) حروف ابجد (630) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-MONTAQIM'O.The Avenger Who punishes the wrongdoer

اس اسم کو نماز عصر کے بعد اسی تعداد میں پڑھے اور اللہ سے دعا مانگے تو بحکم الٰہی اس کی دعا قبول ہوگی چشم خلائق میں معزز و محترم ہونے کیلئے نماز فجر کے بعد اس اسم کو ایک سو ستر مرتبہ پڑھے اور اس کا نقش زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے اسے جو بھی دیکھے گا وہ اس کا مطیع ہوگا۔ اس اسم مبارک کی بدولت بڑے سے بڑے جادو و کالے علم کی روک تھام کی جا سکتی ہے اگر کوئی اس مصیبت کا شکار ہو تو اس اسم کو روزانہ کسی چینی کی پلیٹ پر پچیس مرتبہ زعفران سے لکھے اور اسے گلاب کے عرق سے دھو کر پی جائے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔ دشمنوں کو اللہ کے عذاب میں مبتلا کرنے اور انہیں انہی کے جال میں پھنسانے کیلئے اسی اسم کو تصور باندھ کر پڑھے۔ اس نقش کو کاروباری مقام پر ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے۔

م	ق	ت	ن	م
ت	ن	ق	م	م
ق	م	ن	م	ت
ن	م	م	ت	ق
م	ت	م	ق	ن
م	ق	ت	ن	م

العفو

(معاف کرنے والا) حروف ابجد (156) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-AFFOWW'O.The Pardoner who pardons all who repent sincerely as if they had no previous sin

اگر کوئی نماز تہجد کے وقت باوضو حالت میں اس اسم کا ورد کرے اور جائز دعا مانگے تو اللہ کے حکم سے اس کی دعا ضرور پوری ہوگی اگر کسی عورت کو حیض کی شکایت ہو اور کسی بھی دوا سے آرام نہ آتا ہو تو اس نقش کو ایک عدد اپنے گلے میں باندھے اور ایک کو گلاب کے عرق میں ڈال کر پیئے۔ بڑے سے بڑا گناہ معاف کروانے اور اللہ کی بخشش حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو مسجد میں ہر فرض نماز کے بعد بے تعداد مرتبہ پڑھے اور اللہ سے گڑگڑا کر دعا کرے۔ اس اسم کو خاص طور سے گناہوں کی معافی اور اللہ کی رحمت کیلئے ورد کرنا چاہیئے اس اسم کی بدولت اللہ تعالیٰ بڑے سے بڑے گناہ کو معاف فرما دیتا ہے اور اپنی رحمت ضرور کرتا ہے۔ چونکہ انسان غلطی کا پتلا ہے اس لئے اس اسم کو اسی مقصد کی خاطر لاتعداد مرتبہ پڑھنا چاہیئے اور اگر کوئی بہت زیادہ بدتمیزی کرتا ہو تو اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلانا چاہیئے اللہ اسے نیکی کی توفیق دیگا۔ اگر ایک انسان دوسرے انسان سے بدتمیزی کرتا ہو اور اسے اس بات کے متعلق پتہ ہو کہ وہ ناراض ہے اور معاف نہیں کر رہا تو اس اسم کو بکثرت ورد کرے۔

و	ف	ع
ف	ع	و
ع	و	ف
و	ف	ع

الرءوف

(بڑا مشفق و مہربان) حروف ابجد (286) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-RAOOF'OThe kind compassionate

ہر فرض نماز کے بعد اس اسم کو جو کوئی بھی دو سو مرتبہ پڑھے تو اللہ اس پر معرفت کے دروازے کھول دیتا ہے اگر کوئی نشے کا عادی اس نقش کا پانی پیئے تو تندرست ہو۔ ظالم حاکم کو نرم دل کرنے کیلئے اس اسم کو اپنے اوپر دم کر کے جائے حاکم مہربان ہوگا۔ اگر کوئی فرد نوکری سے معزول ہوگیا ہو تو وہ اس اسم کو پڑھ کر اللہ کی بارگاہ میں دعا کرے بحال ہوگا۔ اگر کوئی اس اسم کا عامل بننا چاہے جس سے اسے زندگی میں کسی بھی شے کی کوئی حاجت نہ رہے تو اس اسم کو کسی دریا یا نہر کے کنارے بیٹھ کر پاک حالت میں سوا لاکھ کی تعداد میں چالیس دنوں تک پڑھ لے اس کے بعد اس کے قبضے میں تمام مخلوق ہوگی یعنی تمام مخلوق اس فرد کی تسخیر میں ہوگی اور جو کوئی بھی دیکھے گا وہ نرم دلی سے پیش آئیگا۔ اس کے علاوہ اس کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں۔ اگر کوئی عورت و مرد کہیں نوکری کرتے ہوں اور ان کی ترقی ان کے حاسدوں نے باندھ دی ہو تو ان کا منہ کالا کرنے کیلئے اس اسم مبارک کو روزانہ ان افراد کا تصور باندھ کر ان پر دم کرے۔ اپنے دوسرے مسلمان بہن و بھائیوں کی اصلاح کرنے اور ان کو اپنے آپ سے خوش رکھنے کیلئے اس اسم کو کھلا ورد کرنا چاہیئے۔

ف	و	ع	ر
ع	و	ر	ف
ر	و	ف	ع
ف	و	ع	ر

مالک الملک

(ملکوں کا مالک) حروف ابجد (212) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

MALIK-UL-MULK'O.The Eternal Owner of Sovereignty

اگر کسی سے کوئی ایسا گناہ سرزد ہو جائے جو اس کے نزدیک بہت بڑا جرم ہو اور اسے یقین ہو اللہ اسے معاف نہیں کریگا تو اس اسم کو روزانہ بے تعداد پڑھے اور اللہ سے اپنے اس گناہ کی معافی مانگے اور آئیندہ کیلئے ایسی توبہ کرے کہ دوبارہ ایسا گناہ نہ کر سکے اللہ معاف فرمائیگا۔ اگر کوئی کسی کی عزت نہ کرتا ہو تو وہ اس اسم کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔ مال و دولت حاصل کرنے اور اللہ کی حفاظت میں رہنے کیلئے اس اسم کو کھلا ورد کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور ایک کو اپنے کاروباری مقام پر لگائے اللہ کے حکم سے دوکان و کاروبار اور مال و دولت تمام چیزیں اللہ کی خاص حفاظت میں رہیں گی اور کوئی بھی چور یا ظالم عامل کچھ بھی نہیں بگاڑ سکے گا اس عمل کو مسلسل جاری رکھنا چاہئے تا کہ عمل کا اثر قابو میں رہے۔ اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ دنیا میں کئی اشیاء کا مالک بنا دیتا ہے اور اپنی رحمت برساتا ہے۔ دنیا میں دنیاوی چیزوں کو حاصل کرنے کیلئے اس کا بکثرت ورد کیا جائے۔

ک	ل	ا	م
ا	ل	م	ک
م	ل	ک	ا
ک	ل	ا	م

ذوالجلال والاکرام

(عظمت و جلال اور انعام و اکرام والا) حروف ابجد (1099) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

ZOL-JALALI-WAL-IKRAAM'O.Majestic and Benevolent

اس اسم کے اتنے فضائل ہیں جو بیان نہیں ہو سکتے اس لئے اگر کوئی خاص اللہ کا تابعدار بندہ بننا چاہے اور اللہ کے مخفی اسرار کو جاننا چاہے تو اس اسم کو پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھے اور دنوں کی مدت چالیس دن کی رکھے اللہ تعالیٰ اپنے مخفی اسرار سے واقفیت دلوائے گا لیکن ان اسرار کا کسی سے بھی ذکر نہ کرے ورنہ خود گناہ کا شکار ہوتے ہوئے نقصان سے بھی دوچار ہوگا۔ اس لئے اپنے مقصد کا تصور باندھ کر اس کا عمل کرے اور اس نقش کو بھی اسی مقصد کی خاطر لکھ کر استعمال میں لائے۔ دونوں طرح سے فوائد حاصل ہونگے۔ دشمن کو زیر کرنے اور ظالم سے انتقام لینے کیلئے ہر روز اسے اپنے دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اس کا تصور باندھ کر دم کر دیا کرے۔ اللہ کا خاص قرب حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو پڑھ کر اللہ سے دعا کیا کرے اللہ کا خاص قرب حاصل ہوگا۔ اگر کوئی فرد لاچار اور کمزور ہونے کے بعد مفلسی کا شکار ہوگیا ہو تو وہ اللہ کو اس اسم سے پکارے اللہ اس کے دکھ کاٹے گا۔ دنیاوی ہر میدان میں فتح کیلئے اس اسم کا کھلا ورد کیا جائے۔

ل	ا	ل	ج	ل	و	ذ
ج	ل	ل	و	ا	ذ	ل
و	ا	ل	ذ	ل	ل	ج
ذ	ل	ل	ل	ا	ج	و
ل	ا	ل	ج	ل	و	ذ

المقسط

(عدل وانصاف قائم رکھنے والا) حروف ابجد (209) (مزاج جلالی، عنصر آتشی)

AL-MOQSIT'O.The Equitable,the Justice

اگر کوئی چاہے کہ اس کی غربت دور ہو اور اس کا کاروبار خوب چمکے تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو گلے میں باندھنے سے پہلے اس اسم کو پانچ سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پھر اپنے گلے میں باندھے دوسرے نقش کو پانی میں ڈال کر صبح نہار منہ اس کا پانی پیئے۔ زندگی میں بلند مقام حاصل کرنے کیلئے اس اسم مبارک کو تا حصول مقصد تک ورد کرے اللہ تعالیٰ کسی خاص عہدے پر ضرور فائز کریگا اور دنیاوی مشکلات کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی فرد کسی مصیبت میں مبتلا ہو تو اس نقش پر اسی اسم کو ایک ہزار کی تعداد میں دم کرے اور گلے میں پہن لے اللہ کرم فرمائیگا۔ اس نقش کو اپنے تمام حاسدوں کے نام لکھ کر اپنے الٹے بازو پر باندھے دشمن و حاسد زیر ہونے کے ساتھ عہدے میں ترقی ہوگی۔ اگر کسی کو زندگی میں کسی شے کا کوئی صدمہ لگ گیا ہو تو اس اسم کو کھلا پڑھے صدمہ بھول جائیگا۔ اگر کسی عورت کا خاوند بہت زیادہ زبان درازی کرتا ہو اور مارتا بھی ہو تو اس مسئلے کے حل کیلئے اس اسم مبارک کو چودہ سو مرتبہ کسی بھی میٹھی شے پر دم کر کے کھلائے۔

ط	س	ق	م
ق	س	م	ط
م	س	ط	ق
ط	س	ق	م

الجامع

(جمع کرنے والا) حروف ابجد (114) (مزاج مشترک، عنصر خاکی)

AL-JAAME'O.The Assembler

اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ کشف عطا کرتا ہے اگر کوئی بے گناہ قید ہو گیا ہو اور اس کے ساتھ زیادتی کی گئی ہو تو اس ظالم کے دل میں رحم ڈالنے کیلئے اس اسم کو اس قیدی کے نام کے مطابق پڑھے اور اس کا تصور باندھ کر اسے دم کرے تو اللہ کے حکم سے وہ قیدی بہت جلد چھوٹ جائیگا۔ اگر دو ایسے خاندان ہوں جو آپس میں ہمیشہ لڑتے جھگڑتے ہوں اور ان کی کسی بھی طریقے سے صلح صفائی نہ ہوتی ہو تو اس اسم کو دو ہزار کی تعداد میں کسی بھی میٹھی شے پر دم کر کے کھلانے سے ان کی آپس میں صلح ہو جائیگی اگر اس نقش کو اسی مقصد کی خاطر لکھ کر کسی میٹھی شے میں گھول کر پلایا جائے تو دوہرے اثرات پیدا ہونگے۔ اگر مرد و زن کی آپس میں نا اتفاقی ہو اور وہ صلح سے نہ رہتے ہوں تو اس نقش کو مرد و عورت زعفران سے لکھ کر اپنے نام مع والدین لکھ کر اپنے گلے میں باندھیں اللہ تعالیٰ ان کا آپس میں سلوک و اتفاق پیدا کر دیگا۔ اس اسم مبارک کو چالیس دنوں کے اندر اندر سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لے اللہ کے حکم سے اس اسم مبارک کا عامل بن جائیگا اور جس بھی مقصد کیلئے اس اسم کو پڑھے گا اسی وقت کام ہوگا۔ آپس میں سلوک و اتفاق سے رہنے کیلئے اس اسم کو کھلا ورد کرنا چاہیے۔

ع	م	ا	ج
ا	م	ج	ع
ج	م	ع	ا
ع	م	ا	ج

الغنی

(خود کفیل و بے پرواہ) حروف ابجد (1060) (مزاج مشترک، عنصر آتشی)

AL-GHANEY'O.Free from need,self sufficient

اگر کوئی ایسا شخص اس اسم کا ورد کرے جس کا رزق تنگ ہو گیا ہو اور کسی دشمن نے سفلی علم کی بنیاد پر ایسی حرکت کی ہو تو اس کا مسلسل ورد کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے اور اپنے گھر یا دوکان میں لگائے اللہ کے حکم سے رزق وسیع ہوگا اگر کوئی زندگی میں بڑا عہدہ حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس اسم کو تنہائی میں پانچ سو کی تعداد میں پڑھے اور اللہ سے اپنے مقصد کی دعا مانگے اللہ اسے ضرور دنیاوی بڑا عہدہ دیگا اور مرتبہ بلند ہوگا۔ کاروبار میں ہر طرح سے فتح حاصل کرنے اور ترقی کاروبار کیلئے اس اسم کو اپنے کام کا تصور باندھ کر ورد کرے اور اس نقش کو تین عدد زعفران سے لکھے ایک کو اپنے گلے میں باندھے ایک کو کاروباری مقام پر ایک کو روپوں والی جگہ پر رکھ دے۔ اس اسم کو ورد کرنے والا کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا اور خاص اللہ کی پناہ میں رہیگا۔ گر کوئی شخص اپنے باطن کو کھولنا چاہے جس سے جو بھی مخفی مخلوق ہو وہ بالکل سامنے واضح نظر آئے تو اس اسم مبارک کو کسی بزرگ یا شہید کے مزار پر جا کر پڑھے اور پڑھنے کے دوران اپنی آنکھوں کو بند رکھے اللہ کے حکم سے اس کا باطن کھل جائیگا۔ اگر کوئی بھی حصول اقتدار کی خاطر اس اسم کو پڑھے تو اللہ کی مدد سے اس کی ترقی بہت جلد ہوگی اور محلے کے افراد اس کی عزت کرینگے۔

غ	ن	ی
ی	غ	ن
ن	ی	غ
غ	ن	ی

المغنی

(تونگر بنانے والا) حروف ابجد (1100) (مزاج جمالی، عنصر آتشی)

AL-MUGHNEE'O.The Enricher,the supplier of needs to others

حروف ابجد (129) یہ اسم جمالی ہے اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو تو وہ اس اسم کا بکثرت ورد کرے اللہ کے حکم سے رہا ہوگا اگر کوئی شدید قسم کی بیماری میں مبتلا ہو تو اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں باندھے بیماری کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی عورت درد زہ میں مبتلا ہو تو وہ اس نقش کا پانی پیئے ولادت آسان ہوگی۔ اگر کوئی بے گناہ قیدی ہو گیا ہو تو وہ اس اسم کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے۔ غنی بننے کیلئے اس اسم کو روزانہ کھلی تعداد میں پڑھے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے اگر کوئی مفلس افراد اس عمل کو کریں گے تو اللہ انہیں ضرور غنی بنادیگا اسی اسم کو اگر کاروباری مقام پر ہر وقت ورد کیا جائے تو اللہ کے حکم سے کاروبار میں کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ یا پریشانی مداخلت نہیں کریگی بلکہ اس کاروبار میں اللہ کی خاص رحمت شامل ہوگی۔ اگر اس کے نقش کو بھی زعفران سے لکھ کر دکان میں لگایا جائے تو کاروبار فراخ رہیگا۔ بڑے سے بڑے جادو کے خاتمے کیلئے اس اسم کے نقش کو چار عدد لکھ کر ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور باقی تین نقوش کو تین دنوں تک پانی میں گھول کر پیئے اور ساتھ ہی اس کاغذ کو بھی نگل جائے۔

م	غ	ن	ی
ی	م	ن	غ
غ	ی	ن	م
م	غ	ن	ی

المانع

(روکنے والا) حروف ابجد (161) (مزاج جلالی، عنصر آبی)

AL-MAANI'O.The Preventer,Hinderer

حروف ابجد (161) اگر کوئی اس اسم مبارک کو بے تعداد پڑھے تو اللہ اسے دین و دنیا میں بے نیاز کریگا اور اسے کسی بھی دنیاوی شے کی کوئی حاجت نہیں رہیگی اگر کسی کے سر میں درد رہتا ہو یا اسے درد شقیقہ ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے اپنے سر پر باندھے اللہ کے حکم سے جو بھی درد ہو گا اس کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کسی کا دشمن بہانے بہانے سے لڑائی جھگڑا کرتا ہو اور اپنی ان حرکات سے باز نہ آتا ہو تو اس اسم مبارک کو اس دشمن کا تصور باندھ کر پڑھے اور اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر اسے پانی میں ڈال دے اور اس پانی کو دشمن کے گھر کی دیواروں پر چھڑک دے دشمن اپنی حرکات سے باز آئیگا اور صاحب عمل سے خوف کھائے گا ایک عدد نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھ لے۔ اگر کوئی یہ چاہے کہ تمام مخلوق اس کی تسخیر میں ہو تو اس اسم کو سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ کر اس کی زکات ادا کردے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ اس کا مسخر ہوگا اور دل و جان سے اس کی عزت کریگا۔ اس اسم مبارک کی بدولت باطن میں سچ بولنے اور سچ کہنے کی عادت پڑ جاتی ہے اور کوئی بھی جھوٹا فیصلہ نہیں ہوتا اگر کوئی انصاف دینے یا دلوانے والا کام کرتے ہوں تو اس کا بکثرت ورد کریں۔

م	ا	ن	ع
ع	م	ن	ا
ا	ع	ن	م
م	ا	ن	ع

الضار

(ضرر پہنچانے والا) حروف ابجد (1001) (مزاج جلالی، عنصر آبی)

AL-ZAARR'O.The Distresser

حروف ابجد (1001) اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کا مرتبہ بلند ہو اور اسے ہر کوئی عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھے تو اس اسم کا بکثرت ورد کرے اللہ کے حکم سے اسے جو بھی دیکھے گا وہ فریفتہ ہوگا اگر کوئی اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اس کو خوشبو سے معطر کرے اور سیدھے بازو پر باندھے تو بھی مقصد حل ہوگا۔ اگر کسی فرد پر شیطان اپنی حکومت کرتا ہو اور وہ فرد بے بس ہو کر شیطان کے کہنے پر عمل کرنے لگے تو اس سے جان چھڑوانے کیلئے اس اسم کو سو ہر فرض نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھ کر اپنے دل کے مقام پر دم کرلیا کرے اور اس نقش کو چپکنے والی یپ سے اپنے دل کے مقام پر لگائے اور اس نقش پر خوشبو ضرور لگائے شیطان اس فرد سے اپنا غلبہ چھوڑ دیگا۔ دشمنوں کے خاتمے کیلئے اس نقش پر نام دشمن مع والدہ لکھ کر کانٹوں والے درخت پر لٹکائے دشمن زیر ہونگے۔ اگر کوئی اپنی شادی کسی ایسی جگہ کروانا چاہتا ہو جہاں اس کی مرضی ہو تو اس اسم مبارک کو چودہ سو مرتبہ اپنے کام کا تصور باندھ کر پڑھے اور پانی پر دم کرکے پئے پھر اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنا نام مع والدہ لکھے اور اسے اپنے گلے یا بازو پر باندھے

ض	ا	ر
ر	ض	ا
ا	ر	ض
ض	ا	ر

النافع

(نفع پہنچانے والا) حروف ابجد (201) (مزاج جمالی، عنصر آبی)

AN-NAAFI'O.The Perpetuous,one who confers benefits

حروف ابجد (201) اگر کسی کا کوئی عزیز یا رشتہ دار ناراض ہو کر کہیں چلا گیا ہو اور اس کا کہیں بھی سراغ نہ مل رہا ہو تو اس اسم کو اس بھاگنے والے کے اعداد کے مطابق پڑھے اور تصور باندھ کر دم کرے اور جہاں سے وہ گیا ہے وہاں اس نقش کو زعفران سے لکھ کر نام مع والدہ لکھ کر لٹکاوے اللہ کے حکم سے جہاں بھی ہوگا واپس آئیگا اگر فوت بھی ہو چکا ہوگا تو خبر آ جائیگی۔ اگر کوئی دل کے مرض میں مبتلا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر دل کے مقام پر باندھے۔ اگر کسی کی دوکان نہ چلتی ہو یا کسی دشمن عامل نے کاروبار کو باندھ دیا ہو تو اس اسم کو روزانہ باوضو حالت میں ورد کیا کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے بازو اور دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اللہ کے حکم سے تمام قسم کی بندشوں کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی بازار سے کوئی قیمتی شے خریدنے کا ارادہ رکھتا ہو اور اسے اس بات کا ڈر ہو کہ کہیں نقصان نہ ہو جائے تو تمام وقت اسی اسم کو منہ میں ورد کرے اور چیز کو خریدے اللہ کے حکم سے اس کا کبھی نقصان نہیں ہوگا اور بلکہ جو اس کیلئے اچھا ثابت ہوگا وہی ہوگا۔

ع	ف	ا	ن
ا	ف	ن	ع
ن	ف	ع	ا
ع	ف	ا	ن

النور

(سرتاپا اور نور بخشنے والا) حروف ابجد (256) (مزاج مشترک، عنصر آبی)

AN-NOOR'O.The Light

حروف ابجد (256) اگر کوئی کسی سے جائز محبت کرتا ہو تو اس مقصد کی خاطر اس نقش کو اپنے محبوب کا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے محبوب جب بھی دیکھے گا وہ فریفتہ ہوگا۔ اگر کسی کا کاروبار سست پڑ گیا ہو یا کسی نے اس کو باندھ دیا ہو تو اس نقش کو اپنے کاروباری مقام پر لگائے اور اس کو پانی میں ڈال کر اس کے چھینٹے دوکان پر لگائے اور اس پانی کی بے ادبی کسی بھی صورت میں نہ کرے اللہ کے حکم سے بند دوکانداری کھل جائیگی۔ اگر کوئی اللہ کے جلالی نور کو دیکھنے کی حاجت رکھتا ہو تو اس اسم کو بعد نماز عشاء حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے اور پرہیز جلالی و جمالی کا مکمل خیال رکھے اللہ اس فرد کو ضرور اپنا نور دکھائیگا۔ اور اس فرد کو اپنے خاص بندوں میں شمار کریگا دین و دنیا کی تمام بھلائی اللہ اس فرد کے ساتھ کریگا اگر کوئی جسمانی یا روحانی تکالیف میں مبتلا ہو یا کوئی دوا اپنا اثر نہ دکھاتی ہو تو اس نقش کو مٹی کے پیالے کے اندر کالی روشنائی سے لکھے اور اس پر اسی اسم کی حروف ابجد کی تعداد میں پیالے پر دم کرے اور اس میں گلاب کا عرق ڈال کر صبح نہار منہ اس کو پیئے۔

ر	و	ن
و	ن	ر
ن	ر	و
ر	و	ن

الہادی

(سیدھی راہ دکھانے والا) حروف ابجد (20) (مزاج جمالی، عنصر آبی)

AL-HADEY'O.One Who gives guidance

حروف ابجد (20) کاروبار میں برکت اور زیادتی رزق کیلئے اس اسم کو باوضو حالت میں بے تحاشہ پڑھے اس کے ساتھ ہی اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے کاروباری مقام یا گھر میں لگائے اللہ کے حکم سے تمام قسم کی بندش دور ہوگی۔ اگر کسی پر جادو کے اثرات ہوں تو اس نقش کو گلے میں باندھے۔ اگر کسی کو کوئی بہت بڑا مسئلہ درپیش ہو تو وہ رات کو سونے سے پہلے اس اسم کو پڑھتا پڑھتا سو جائے تو اسے خواب میں جو بھی حالات ہونگے اس کے متعلق خبر مل جائیگی۔ اگر کسی فرد کو دنیا میں پیر کامل کی تلاش ہو اور اسے پیر کامل نہ ملتا ہو تو اسے اس اسم کی بدولت ضرور پیر کامل مل جائیگا اور اس کے دنیاوی و دینی دکھوں کا خاتمہ ہوگا اس اسم کو باوضو حالت میں داتا گنج بخش کے مزار پر جا کر دل میں پڑھے اور اس کے پڑھنے کی تعداد کم از کم گیارہ سو اور زیادہ سے زیادہ سے جتنی بھی ہو جو بھی پیر کامل کے عہدے پر فائز ہوگا وہ اس فرد کو خود مل جائیگا۔ اس عمل کی بارہا آزمائش کی جا چکی ہو اور متعلقہ مقصد میں کئی مرتبہ کامیابی بھی ہوئی ہے۔

ی	د	ا	ه
ا	د	ه	ی
ه	د	ی	ا
ی	د	ا	ه

البدیع

(بے مثال چیزوں کا پیدا کرنے والا) حروف ابجد (86) (مزاج مشترک، عنصر خاکی)

AL-BADEEY'O.The incomparable,the Deviser

حروف ابجد (86) اگر کوئی چاہے کہ اسے برے کاموں سے نفرت ہو جائے اور شیطان اپنا غلبہ چھوڑ دیگا اور طبیعت نیکی کی طرف مائل ہو تو وہ ہر نماز کے بعد اس اسم کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھنے کا معمول بنالے اور اس نقش کو اسی مقصد سے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اگر زن و شوہر میں اتفاق نہ ہو تو اس نقش کو پانی میں ڈال کر اس کو دھو کر اس کا پانی پئے اور اس اسم کو ویسے بھی پڑھ کر دم کرے۔ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ اس اسم کے اندر ایسی خاصیتیں ہیں کہ جو کوئی عملیاتی دنیا میں اس کا عامل نہ بنے تو اس کی روحانی ترقی بلند نہیں ہوتی اس لئے اگر کوئی فن عملیات سے لگاؤ رکھتا ہو تو وہ روزانہ اس اسم مبارک کو ہر فرض نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اس کی روحانی ترقی بڑھنے کے ساتھ روحانی مشاہدات میں بھی اضافہ ہوگا لیکن اس کے ساتھ پرہیز جلالی و جمالی ضرور کرے۔ ظالم عامل کا عمل چھیننے کیلئے اس کا تصور باندھ کر اس اسم کو اس عامل کے نام کے حروف ابجد اور اس اسم کے حروف ابجد کی تعداد میں دم کر دیا کرے عامل کی طاقت زائل ہوگی۔

ع	ی	د	ب
د	ی	ب	ع
ب	ی	ع	د
ع	ی	د	ب

الباقی

(ہمیشہ باقی رہنے والا) حروف ابجد (113) (مزاج جمالی، عنصر آبی)

AL-BAAQEEY'O.The Everlasting,the Eternal

حروف ابجد (113) اگر کوئی زندگی میں ہمیشہ ہی بلند رہنا چاہے یا اسے کسی کام میں فتح حاصل کرنی ہو تو اس اسم کو پانی پر دم کر کے پئے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنا مقصد لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے دنیاوی تمام مقاصد میں فتح حاصل ہوگی۔ اگر کوئی فردِ حق کی لڑائی لڑتا ہو تو دشمنانِ اسلام کے خاتمے کیلئے اس اسم کو بکثرت پڑھتا رہے اللہ کے حکم سے اس اسم کے ذاکر کی فتح دنیا کے ہر میدان میں ہوگی۔ اس اسم کو وہ افراد ورد کریں جن کے اس دنیا میں کئی دشمن ہوں اور وہ حسد کرتے ہوں اللہ کے حکم سے دشمن کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے اور وہ زیر ہونگے اگر کوئی اس اسم کو پڑھ نہ سکے تو اس نقش کو پاک پرہیزگار آدمی سے زعفران سے لکھوائے اور اسے اپنے گلے میں باندھ لے دشمن اپنے تمام برے ارادوں سے باز رہیں گے۔ اور صاحبِ عمل کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکیں گے۔ گھر میں سکون اور امن کی فضا قائم کرنے کیلئے اس نقش کو مٹی کی کوری ہانڈی کے اندر کالی روشنائی سے لکھے اور اس میں کھانے والی شے پکا کر کھائے سب سلوک و اتفاق سے رہیں گے۔

ب	ا	ق	ی
ی	ب	ق	ا
ا	ی	ق	ب
ب	ا	ق	ی

الوارث

(سب کے بعد موجود رہنے والا) حروف ابجد (707) (مزاج جلالی، عنصر آبی)

AL-WAARIS'O.Supreme Inheritor who has everlasting ownership of all things.Flinite man only has temporary ownership and at death all creatures have nothing

حروف ابجد (707) اگر کوئی مسافر سواری پر سوار ہو کر اسے ایک ہزار کی تعداد میں پڑھے تو تمام سفر خیر و عافیت سے گذرے گا اور کوئی بھی حادثہ یا پریشانی نہیں ہوگی اور اگر اللہ نے اس سفر میں کوئی حادثہ یا نقصان لکھا ہوگا تو اس اسم مبارک کی بدولت خطرہ ٹل جائیگا۔ اگر کوئی مستجاب الدعا بننا چاہے تو اس اسم کا بکثرت ورد کرنے والا مستجاب الدعا بن جاتا ہے اور جو بھی دعا یا بددعا کرتا ہے اللہ اسے ضرور کامیابی عطا کرتا ہے۔ اس اسم کو خاص طور سے ایسی خواتین ورد کریں جن کے ہاں اولاد نہیں ہے یا وہ کسی بیماری کا شکار ہیں خصوصاً بانجھ پن کا لیکن اپنا حوصلہ نہ ہارتے ہوئے اس اسم کا کھلا ورد جاری رکھیں بفضلہٖ تعالیٰ اللہ ضرور کوئی وارث پیدا کر دے گا اگر اس اسم کو دودھ پر دم کر کے پیا جائے تو دوہرے اثرات پیدا ہونگے۔ اگر اسی اسم کو شوہر اپنی بیوی کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے تو اولاد ہوگی۔ اولاد کو اپنے حق میں تابعدار بنانے کیلئے اس نقش کو پنی میں ڈال کر پانی پلایا جائے۔

و	ا	ر	ث
ث	و	ر	ا
ا	ث	ر	و
و	ا	ر	ث

الرشید

(صحیح راہ پر چلانے والا) حروف ابجد (594) (مزاج مشترک، عنصر خاکی)

AR-RASHEED'O.The Guide to the right path

حروف ابجد (514) اگر کوئی اللہ کی عبادت کرتے ہوئے اللہ کی ذات کا مشاہدہ کرنا چاہے تو ہر فرض نماز کے بعد اس اسم کو ایک ہزار کی تعداد میں پڑھے اللہ کے حکم سے اس کا دل عبادت کو کرنے میں لگے گا اور ذات حق کا مشاہدہ نصیب ہوگا۔ اگر کوئی اپنا رزق وسیع کرنا چاہتا ہو تو اس اسم کو کاروباری مقام پر روزانہ دوکان کھول کر ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور اللہ سے دعا کرے اور اس نقش کو زعفران سے سبز کاغذ پر لکھ کر دوکان میں ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے۔ راہ ہدایت کے طلبگار افراد اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد کھلا ورد کیا کریں جب تک پڑھنے میں دل لگا رہے اگر کوئی بدقماش فرد اس اسم کا ورد کریگا تو اس کی بدولت وہ کبھی ایسا کام نہیں کر سکے گا جس سے دوسروں کا نقصان ہوتا ہو اس لئے اس اسم کو اپنی اصلاح کرنے کی خاطر ورد کیا جائے تاکہ اللہ رب العزت زیادہ سے زیادہ اچھے کاموں کی توفیق دے اور اس نقش کو بھی دوریاں ختم کرنے اور آپس میں اتفاق پیدا کرنے کی غرض سے زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے اور جو زیادہ گھر سے بھاگتا ہو اس کے گلے میں اس نقش کو باندھا جائے۔

ر	ش	ی	د
د	ر	ی	ش
ش	د	ی	ر
ر	ش	ی	د

الصبور

(بڑے صبر و تحمل والا) حروف ابجد (298) (مزاج جمالی، عنصر بادی)

AS-SABOOR'O.The Patient,Most Forebearing

حروف ابجد (298) اگر کوئی چاہے کہ اللہ تعالیٰ اسے روحانی علم سے سرفراز کرے تو نماز فجر کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کرے اگر برے کاموں سے چھٹکارہ پانا ہو تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور ایک کو پانی میں ڈال کر اس کا روزانہ نہار منہ پانی پئے اللہ کے حکم سے شیطان اس فرد سے دور ہوگا۔ اس اسم کا نقش اگر صبح سورج نکلنے کے ایک گھنٹے بعد زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھا جائے تو اسے عجیب و غریب مشاہدے ہوں اور جو بھی مخفی اسرار ہونگے اس کے متعلق یہ فرد جانے گا لیکن اس کے ساتھ اس اسم کا ورد بھی کیا جائے۔ اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ کشف کی دولت سے نوازتا ہے معرفت الٰہی حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو بکثرت پڑھنا چاہئے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے جو بھی مصیبت یا پریشانی ہوگی اس کی برکت سے ختم ہوگی۔ اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہو رہی ہو تو وہ چالیس دنوں تک روزے رکھے اور افطاری سے پہلے اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور اللہ سے دعا مانگے اللہ کے حکم سے اللہ اسے ضرور صاحب اولاد کریگا اگر کسی کا حافظہ صحیح کام نہ کر رہا ہو تو وہ اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے میٹھے پانی میں گھول کر اسے صبح نہار منہ پئے ذہن کشادہ ہوگا۔

ص	ب	و	ر
ر	ص	و	ب
ب	ر	و	ص
ص	ب	و	ر

الموخر

(پیچھے رکھنے والا) حروف ابجد (846) (مزاج مشترک، عنصر خاکی)

AL-MO'AKHKHER'O.The Delayer

اگر کوئی بے اولاد اور بانجھ عورت اس اسم کو بکثرت ورد کر کے پانی پر دم کر کے پی جائے تو اللہ کے حکم سے حاملہ ہوگی۔ اگر پھر بھی افاقہ نہ ہو تو اس عمل کے ساتھ ساتھ اس نقش کو بھی دو عدد زعفران سے لکھ کر ایک کو گلے میں باندھے اور ایک کو میٹھے پانی میں ڈال کر اس کا پانی صبح نہار منہ پیئے اللہ کے حکم سے حاملہ ہوگی۔ بچوں کی بد تمیزی کو روکنے کیلئے اس نقش کو میٹھے پانی میں ڈال کر پلائے۔ اگر کوئی بد قماشی ترک کرتے ہوئے نیک بننا چاہے لیکن دوسرے افراد اس کا مذاق اڑاتے ہوں تو ان کی زبان بند کرنے اور اپنے مقصد میں کامیاب ہونے کیلئے اس کا ورد مسجد میں بعد نماز عشاء سے کرے اور اس نقش کو وہیں مسجد میں زعفران سے لکھے اور اسے اپنے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے اس عمل کی بدولت اگر کسی برے کام کی نیت کریگا تو وہ کام نہیں ہوگا اور اچھے کام خود بخود اس سے سرانجام پائیں گے۔ اس اسم کو جو کوئی بھی محبوب یا کسی کی بھی ناراضگی دور کرنے کیلئے بے پناہ اس کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے گا تو اللہ اس کے پڑھنے والے پر اپنی خاص رحمت برسائے گا اور اس شخص سے کوئی بھی ناراض نہیں ہوگا۔

م	و	خ	ر
ر	م	ج	و
و	ر	ج	م
م	و	ح	ر

الاول

(سب سے پہلے) حروف ابجد (37) (مزاج مشترک، عنصر آتشی)

AL-AWWAL'O.The First

ہر قسم کی مشکلات کو حل کرنے کیلئے باوضو حالت میں گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر اللہ سے دعا مانگے تو مشکل آسان ہو اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو یا کسی ظالم کے ظلم کا شکار ہو تو وہ ہر روز ایک ہزار گیارہ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے اور اسی نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے۔ اگر کسی کو شوق ہو کہ تمام مخلوق اس کی عزت کرے اور جو کوئی بھی دیکھے اس کے اوپر فریفتہ ہو تو اس اسم کو کھلا ہر وقت باوضو حالت میں ورد کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اس عمل کی بدولت ایسا کمال پیدا ہوگا کہ جو کوئی بھی دیکھے گا وہ اس پر فریفتہ ہوگا اور جو کوئی اسے دیکھے گا وہ اس کی دل و جان سے عزت کریگا۔ اس اسم کا ذاکر شہید کی موت مریگا اور اللہ دنیا میں بھی ورد کرنے والے کا مقام بلند رکھے گا۔ اگر کسی کو رشتہ کرنے میں کوئی رکاوٹ پیش آ رہی ہو تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو کسی شہید کے مزار پر باندھے اور دوسرے کو اپنے پاس رکھ کر رشتہ مانگنے جائے انکار نہیں ہوگا۔ گر کسی شریف انسان کو کوئی بد قماش افراد پریشان کرتے ہوں اور اس کی عزت کو دوسروں میں اچھالتے ہوں تو اس اسم کو بکثرت پڑھ کر اپنے دشمنوں کا مکمل تصور باندھ کر دم کیا جائے اور اس نقش کو اپنے پاس رکھا جائے۔

ا	و	ل
ل	ا	و
و	ل	ا
ا	و	ل